وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ (القرآن)

اور تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھ سے دُعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں۔

شاندار تحفہ

(فرض کے بعد دُعا)

تصنیف:

شیخ الاسلام علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی

(متوفی ۱۱۷۴ھ)

مترجم: پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف سیال (پی ایچ ڈی)

الرشید اکیڈمی کراچی

www.muhaddith.org

https://archive.org/details/@madni_library

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (القرآن)

اور تمہارا رب فرماتا ہے کہ مجھ سے دعا مانگو تاکہ تمہارے لئے قبول کروں۔

شاندار تحفہ

(فرض کے بعد دعا)

تصنیف:
شیخ الاسلام علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی
المتوفی ۱۱۷۴ھ

مترجم: پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف سموں (پی ایچ ڈی)

الرشد اکیڈمی کراچی

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

انتساب

میں اپنی اس کوشش کو اپنے والد مرحوم و مغفور مولوی عبداللہ سموں (راجو نظامانی) کی طرف منسوب کرتا ہوں، جن کی تعلیم و تربیت اور دعا کی برکت سے میں اس قابل ہوا کہ اس کتاب کا ترجمہ کر سکا۔

ڈاکٹر محمد اشرف سموں

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

حقوق طبع بحق مترجم محفوظ ہیں ۔

نام کتاب : شاندار تحفہ (فرض کے بعد دعا)
تصنیف : شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی رح
مترجم : پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف سموں (ٹھٹہ)
پیش لفظ : پروفیسر غلام عباس ازہری سراج الدولہ کالج
طباعت : ایک ہزار
قیمت :

ناشر
الراشد اکیڈمی جامع مسجد صفہ
عزیز آباد کراچی

فون : 632313

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥

حامد و مصلیاً

اما بعد! شریعت اسلامیہ میں دعا بھی ایک قسم کی عبادت ہے کیونکہ اس میں بندوں کی الحاح و زاری، عجز و انکساری اور اللہ پاک کی قدرت کا اظہار و اقرار ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے۔ وقال ربکم ادعونی استجب لکم (مومن۔ ٦٠) اور تمہارے رب نے فرمایا ہے کہ مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کرونگا۔ دعا میں بندگی کے لوازمات پائے جاتے ہیں۔ دعا مومن کے لئے ایک حفاظتی ہتھیار ہے جس سے ایک طرف وہ شیاطین کے شر سے محفوظ رہتا ہے، تو دوسری طرف اللہ پاک کی رحمت سے استغاثہ کر کے رحمتِ خداوندی کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان الدعاء ھو العبادۃ ثم قرأ ادعونی استجب لکم ..... (ترمذی بروایت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ)

حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں ہے کہ من لم یسال اللہ یغضب علیہ .... جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا، اللہ اس پر غضبناک ہوتا ہے۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

(ترمذی) اللہ پاک سے دعا کرنا دراصل بندگی کا تقاضا ہے۔

زیر نظر کتاب دعا کی اہمیت، فضیلت اور افضلیت کے متعلق ہے جو کہ شیخ الاسلام علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی کی تصنیف ہے شیخ الاسلام کی ذات کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ مختلف موضوعات پر ان کی مختلف تصانیف اپنی مثال آپ ہیں۔ آپ کی تحریر تحقیقی نکات اور تبحر علمی کی شاہکار ہے۔ الفاظ کی فراوانی اور عبارت کی روانی آپ کی تصنیفات کی خصوصیات میں سے ہے۔

مخدوم صاحب کی تصنیف التحفۃ المرغوبۃ فی افضلیۃ الدعا بعد المکتوبۃ عربی زبان میں فرض نماز کے بعد دعا کے مسنون اور افضل ہونے کے بارے میں ہے۔

دعا کے مسئلے میں شیخ الاسلام کا یہ رسالہ ایک انمول خزانہ ہے جس میں موصوف نے احادیث صحیحہ اور اقوال فقہاء سے ثابت کیا ہے کہ فرض نماز کے بعد دعا افضل اور مسنون ہے۔ عربی رسالہ کا سلیس اردو زبان میں ترجمہ ہمارے محترم دوست پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف سموں صاحب نے کیا ہے۔ موصوف ایک کالج میں استاد اور ٹھٹہ کے علمی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ نے سندھ کے علماء کی دینی خدمات کے موضوع پر پی ایچ

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

دی کی ہے۔ موصوف کی دینی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔ اللہ پاک ڈاکٹر صاحب کو مزید دینی خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔

الراشد اکیڈمی رجسٹرڈ ایک دینی ادارہ ہے جس کے اہم مقاصد میں عالمِ اسلام خصوصاً سندھ کے علماء کرام کی معتبر تصنیفات کی اشاعت کرنا، اردو سندھ عربی انگلش میں مختلف مفید تصانیف کا ترجمہ کروا کر عامۃ المسلمین تک پہنچانا ہے۔

اکیڈمی کی مشاورت، فاضل اہلِ علم علماء اور محقق دانشوروں پر مشتمل ہے اکیڈمی کے لئے یہ بات باعثِ اطمینان ہے کہ اس کے زیرِ ادارت سندھ کے عبقری عالم شیخ الاسلام علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی کا رسالہ شائع ہو رہا ہے انشاء اللہ مستقبل قریب میں حدیث کے صحیح مجموعہ ریاض الصالحین کا سندھی ترجمہ جو کہ زیرِ طباعت ہے اکیڈمی کی جانب سے طبع ہو کر شائقین علم کے ہاتھوں میں پہنچ گا۔ خیر کے امور میں دلچسپی رکھنے والے اور نیکی میں سبقت کی خواہش رکھنے والے دردِ مند مسلمانوں سے درخواست ہے کہ وہ اکیڈمی کے ساتھ ہر قسم کا تعاون فرمائیں تاکہ اسلامی علوم کی روشنی کو عامۃ الناس تک پہنچایا جاسکے۔ اللہ پاک ہمارا حامی و ناصر ہو۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

فقط ؛ احقر العباد

غلام عباس قادری ازہری
فاضل جامع راشدیہ

چیرمین الراشد اکیڈمی

(رجسٹرڈ)

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

شمس الملت والدین مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی المتوفی ۱۱۷۴ھ

سندھ کی سرزمیں صدیوں سی علم و عرفاں کی سرزمیں رہی ہے اس مردم خیز علاقہ میں جو مقام ٹھٹہ کو حاصل ہے وہ اور کسی علاقہ کو نہیں ٹھٹہ کسی زمانہ میں سندھ کا دارالخلافہ تھا علم و عرفاں کے اعتبار سے یہ بغداد ثانی کہلاتا تھا۔ سندھ کے کلہوڑہ خاندان نے ٹھٹہ کو دارالخلافہ بنایا اس زمانے میں ٹھٹہ دینی علوم کا مرکز تھا ہر چار طرف علم کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا علوم مروجہ کی مسندیں تھیں۔ ایک ہی وقت میں سیکڑوں ادارے تھے جہاں اپنے وقت کے بڑے بڑے علماء وفضلاء روحانی مربی اپنے فیض سے علم کے پیاسوں کو سیراب کر رہے تھے۔

ان مشہور شخصیات میں سے ایک مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی ہیں' جن کا چار دانگ عالم میں شہرہ ہے

محمد ہاشم ٹھٹوی نام' شمس الملت والدین لقب مخدوم آپ کا خطاب ہے آپ اپنے وقت کے عظیم محدث یگانہ روزگار اور یکتائے زمانہ فقیہ تھے

آپ کا نسب اس طرح ہے مخدوم محمد ہاشم' بن عبدالغفور بن عبدالرحمن بن عبداللطیف بن عبدالرحمٰن بن صغیرالدین حارثی بھٹورائی' بہرامپوری' ٹھٹوی ہیں

آپ حارث بن عبدالمطلب کے اولاد میں سے ہیں اس لئے اپنے حارثی کہلاتے تھے۔ سندھ میں آپ کی قوم بنہور کے نام سے مشہور ہے یہ قوم آج بھی ٹھٹہ اور اس کے آس پاس آباد ہے۔ بنہور عرب کا ایک قبیلہ تھا جو فتح سندھ کے بعد عرب سے آکر سندھ میں آباد ہوا۔

ولادت

مخدوم صاحب کے آباؤ اجداد پہلے سہون میں آباد ہوئے ۱۶۹۲ء میں آپ کے والد ماجد علامہ عبدالغفور سہون سے ہجرت کرکے بٹھورہ ضلع ٹھٹہ میں آکر آباد ہوئے جہاں دس ربیع الاول ۱۱۰۴ھ' ۱۶۹۲ء مین مخدوم محمد ہاشم کی ولادت ہوئی۔

تعلیم و تربیت

مخدوم صاحب کا خاندان شروع سے ہی ایک دینی اور علمی خاندان تھا آپ نے گویا ایک علمی خاندان مین آنکھ کھولی آپ کے والد صاحب علامہ عبدالغفور اپنے

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

ہمعصروں میں بلند مرتبہ و مقام رکھتے تھے اس لئے انہوں نے اپنی نگرانی میں اپنے فرزند کی تعلیم اور تربیت کی قران پاک کا حفظ اور اس کے علاوہ عربی نحو و صرف فارسی اور فقہ کی کتابیں خود پڑھائیں۔

مخدوم صاحب کی عمر جب نو برس کی ہوئی ۱۱۱۳ھ ۱۷۰۱ء میں آپ کے والد رحلت فرما گئے اور اس طرح مخدوم صاحب بچپن میں اپنے عظیم والد' استاد' اور روحانی مرشد کی شفقت و محبت سے محروم ہو گئے

والد ماجد کی وفات کے بعد آپ نے ٹھٹھہ کا رخ کیا اس زمانے میں ٹھٹھہ میں علامہ مخدوم محمد سعیدؒ اور علامہ مخدوم محمد ضیاء الدینؒ کی مسند درس بہت مشہور اور ممتاز تھی آپ نے بھی اسی مسند کا انتخاب کیا آپ نے موقوف علیہ تک درسی کتابیں علامہ مخدوم محمد سعید کے درس میں پڑھیں اس کے بعد دورہ حدیث اور دوسری کتابیں علامہ ضیاء الدین کے مدرسہ میں پڑھکو آپ نے کتب عالیہ کی تکمیل اور سند حدیث حاصل کی مخدوم محمد ہاشم رحمتہ اللہ علیہ نے نو سال کے مختصر عرصہ میں اپنی خداداد صلاحیت' محنت' مشقت' ذہانت' ذکاوت' اور اساتذہ کے فیوض سے ہر علم میں مہارت پیدا کرکے پوری سندھ میں اپنا مقام پیدا کر لیا اور اپنے ہم عصروں میں سب سے زیادہ سبقت حاصل کر گئے۔

سفر حجاز و حرمین

۱۱۳۵ھ میں مخدوم صاحب نے حرمین کا سفر اختیار کیا اور وہاں کے شیوخ سے جیسے محدث حرم اور مفتی فقہ حنفیہ علامہ شیخ عبدالقادر مکی الحنفی المتوفی ۱۱۳۸ھ شیخ عید بن علی المصری' شیخ محمد ابوطاہر کردی المدنی المتوفی ۱۱۴۵ھ شیخ علی بن عبدالمالک دراوی وغیرہ سے کتب حدیث پڑھیں' اس کے علاوہ عقائد اصول' تجوید' قرات فقہ کا درس لیا اور سند حدیث حاصل کی بعض لوگوں کا کہنا ہے مخدوم ہاشم نے شاہ ولی اللہ دھلویؒ سے بھی تعلیم حاصل کی ہے مگر اس کی کوئی خاص سند نہیں ہے اور نہ ہی اس کا تذکرہ ملتا ہے یہ ممکن ہے کہ حجاز میں شاہ ولی اللہ سے آپ کی ملاقات ہوئی ہو البتہ ٹھٹھہ کے ایک اور عالم علامہ محمد معین نے شاہ ولی اللہ سے اکتساب علم کیا ہے یہ بزرگ مخدوم محمد ہاشم کے بھی استاد تھے

زیارت الرسول

جن دنوں آپ حجاز مقدس میں تھے کچھ کتابیں یادداشت اور حواشی بھی تحریر

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

کئے ان ایام میں آپ کو جناب محمد الرسول ؐ کی زیارت نصیب ہوئی یہ جمعہ کی رات ۹ رجب المرجب ۱۱۳۶ھ کی تھی جن کا تذکرہ تاریخ اور وقت آپ نے اپنی ایک کتاب کے حواشی پر تحریر کیا ہے اور اپنی یاد داشت کے لئے اس پر دستخط بھی ثبت کیا ہے۔ سندھ کے ہر عام و خاص عالم و امی کے ہاں یہ روایت مشہور ہے۔ کہ سفر حجاز کے دوران جب مخدوم صاحب پیغمبر اسلام کے قبر مبارک پر حاضر ہوئے تو آپ کے قبر مبارک سے آپ کو سلام آیا یہ روایت سینہ بہ سینہ چلی آ رہی ہے جو تمام سندھ میں مشہور ہے مخدوم صاحب کا سلسلہ ۳۵ واسطوں سے امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت المتوفی ۱۵۰ھ اور ۳۶ واسطوں سے حضرت عبداللہ بن ابی حبیبہؓ صحابی رسول اللہ تک پہنچتا ہے۔

الحمدللہ !

راقم الحروف کے والد گرامی مولوی عبداللہ سموں مرحوم راجو نظامانی نزو جھرک ضلع ٹھٹھہ کے سند حدیث کا سلسلہ صرف سات واسطوں سے مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی تک پہنچتا ہے والد مرحوم نے موجہ عربی علوم مولانا فتح علی جتوئی مولانا حامد اللہ بیلوی میاں محمد عمر کمیی سے حاصل کئے دورہ حدیث آپ نے تھر کے علاقہ کے مشہور محدث محمد عثمان قرآنیؒ سے پڑھا اور سند فراغ حاصل کی مولانا قرآنی قاضی لعل محمد ضیاری والے کے شاگرد تھے قاضی لعل محمد مولوی محمد ضیاری والے کے شاگرد تھے اور انہوں نے مولانا عبدالکریم بحرالعلوم مدفون جنت البقیعہ والے سے تحصیل علم کیا انہوں نے اپنے والد مولانا محمد عثمان متعلوی سے اکتساب علم کیا مولانا محمد عثمان مخدوم محمد ابراہیم ملکی بندر والے کے ہم عصر تھے اور مخدوم محمد ہاشم کے پوتے تھے دونوں بزرگوں کے آپس میں علمی مسائل پر بڑے تحریری مناظرے ہوتے تھے مولوی محمد عثمان نے مخدوم میڈو نصرپوری اور مخدوم نور محمد نصرپوری سے اکتساب علم کیا علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی کی تحقیق کے مطابق یہ دونوں بزرگ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کے شاگرد تھے۔

بیعت

مخدوم صاحب جس طرح علوم ظاہری تفسیر' حدیث فقہ' لغت' صرف و نحو' ادب' علم بیان' معانی' فلسفہ تجوید قرات کے ماہر تھے اسی طرح روحانی اور باطنی علوم میں بھی

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

اپنے وقت کے کامل ولی اور اکمل مرشد تھے۔

مخدوم صاحب ظاہری علوم کے تکمیل کے بعد باطنی اور روحانی علوم کی طرف تزکیہ نفس کے لئے متوجہ ہوئے اس وقت ٹھٹھہ کے مشہور شیخ زمانہ مرشد کامل ابوالقاسم نقشبندی المتوفی ۱۱۳۸ھ کے مجلس میں حاضر ہو کر بیعت کی درخواست کی اور طریقہ نقشبندیہ کی تعلیم کی آرزو کی شیخ موصوف نے مراقبہ کے بعد فرمایا جن لوگوں سے میری تعلیم اور تلقین متعلق ہے ان کی فہرست مین تمہارا نام نہیں ہے مخدوم صاحب نے عرض کیا کہ پھر میرے واسطے میرے شیخ کی رہنمائی کیجئے تاکہ میں ان سے بیعت کرکے اپنے باطن کا تزکیہ کرسکوں شیخ نے فرمایا کہ وہ علامہ وقت قطب ارشاد شیخ طریقت قادریہ سید سعد اللہ بن سید غلام محمد سلونی سورتی المتوفی ۱۱۳۸ھ ہیں۔

۱۱۳۶ھ میں مخدوم صاحب حضور اکرمؐ کے روضہ اقدس کی زیارت سے مشرف ہو کر حجاز مقدس سے واپس ہوئے تو سورت کی بندرگاہ پر اترے سورت بھارت، ہندوستان کے ضلع گجرات کا ایک مشہور گھر ہے اور حضرت سعد اللہ سلونی جو اس وقت کے مشہور شیخ طریقت اور معرفت تھے حاضر ہوئے اور ان کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے پورا ایک سال حضرت کے خدمت مین حضر ہوئے اور سلوک کے منازل طے کیے۔ شیخ نے آپ کو خرقہ خلافت اپنے دست مبارک سے پہنایا اور اجازت بیعت کی سند عطا کی ایک سال کے عرصہ کے بعد ۱۱۳۷ھ میں آپ واپس ٹھٹھہ تشریف لائے۔

مخدوم صاحب کا پہلا مدرسہ

مخدوم صاحب تعلیم اور روحانی تربیت سے فارغ ہو کر اپنے اصلی گاؤں بہرامپور نزد بھٹورہ میں تشریف لاکر ایک دینی ادارہ کی بنیاد رکھی چونکہ آپ بہت متقی، پرہیزگار داعی دین حق، حامی سنت اور قاطع بدعت تھے جبکہ وہاں پر بدعات رسومات کے بادل چھائے ہوئے تھے ارباب اقتدار علاقہ کے جاگیردار نام نہاد پیران طریقت نے بجائے تعاون کے آپ کی مخالفت شروع کردی لہذا آپ دل برداشتہ ہو کر اپنے اصلی مولد بہرامپور کو خیرباد کہہ کر ٹھٹھہ تشریف لائے اور ٹھٹھہ آکر ایک بہت بڑے دینی ادارہ کی بنیاد رکھی ٹھٹھہ اس وقت دینی علوم کا مرکز تھا بڑے بڑے دینی ادارے پہلے موجود تھے مگر مخدوم محمد ہاشمؒ کے اس دینی ادارہ نے جلدی ایک بہت بلند مقام حاصل کرلیا اور آپ طلبہ کے مرجع بن گئے ہر طرف سے تشنگان علم امنڈنے لگے دور دراز سے علم کے شائق اور پیاسے حاضر خدمت ہو کر اپنے ظاہری اور باطنی علوم کی پیاس بجھانے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

لگے اور شرف شاگردی حاصل کرنے لگے۔
سندھ کے مشہور مورخ میر علی شیر قانع لکھتے ہیں کہ مخدوم محمد ہاشمؒ کے زمانے میں ٹھٹھہ میں اسلامی نظام کا نفاذ تھا مخدوم صاحب کے حکم اور فتوی کے بنیاد پر فیصلے کئے جاتے تھے آپ کے ہاتھوں پر ہزاروں غیر مسلموں نے اسلام کو قبول کیا۔ وقت کے حکمرانوں جیسے احمد شاہ ابدالی اور نادر شاہ جیسے حکمرانوں سے آپ کی خط و کتابت تھی۔ شاہان وقت بھی آپ کی خواہش کے مطابق دین کے احکام جاری کرانے میں آپ کی مدد کرتے تھے سندھ کے حکمران غلام شاہ کلہوڑہ آپ کے معتقدین میں سے تھے مخدوم محمد ہاشم نے ٹھٹھہ میں بدعات اور غیر اسلامی رسومات کو بند کرانے کے لئے باقاعدہ طور پر حاکم سندھ سے ایک حکم نامہ جاری کرایا تھا اس حکمنامہ کے اجراء کے بعد ٹھٹھہ سے بری رسومات اور بدعات عورتوں کا قبروں پر جانا ماتم سازی وغیرہ کا کسی حد تک خاتمہ ہو گیا کچھ لوگوں نے غلام شاہ کو مخدوم صاحب کے خلاف ورغلانے کی کوشش کی مگر اس کا نتیجہ ان لوگوں کے خلاف نکلا اور غلام شاہ نے مخدوم صاحب کو ٹھٹھہ کا چیف جسٹس' قاضی القضاۃ کے عہدہ پر فائز کر کے ہمیشہ کی لئے مخالفین کی طاقت کا خاتمہ کر دیا

مخدوم محمد ہاشم کی علمی خدمات

مخدوم صاحب کی علمی خدمات میں سب سے اہم ان کا دینی مدرسہ ہے جہاں پر نہ صرف سندھ بلکہ سندھ سے باہر جیسے گجرات' کاٹھیاواڑ' افغانستان سے لوگ آکر آپ سے فیض اور علم حاصل کرتے تھے جن کی تعداد شمار سے باہر ہے مگر آپ کے مشہور شاگردوں میں مخدوم عبدالرحمٰن بن مخدوم محمد ہاشم المتوفی ۱۱۸۱ھ مدفون' ہند کچھ' مخدوم عبداللطیف بن مخدوم محمد ہاشم ۱۱۸۹ھ مدفون مکلی علامہ ابوالحسن الصغیر المتوفی ۱۱۸۷ مدفون جنت البقیع' مخدوم میڈنو نصرپوری المتوفی ۱۱۸۱ھ مدفون نصرپور شاہ فقیراللہ علوی افغانی شکارپوری المتوفی ۱۱۹۵ مخدوم عبدالخالق ٹھٹھوی مصنف مطلوب المومنین' مخدوم عبداللہ مصنف کنز العبرت وغیرہ

تبلیغ و قضا

مخدوم صاحب جہاں دینی تعلیم کی اشاعت مین سرگرم تھے' وہاں عوام کی اصلاح اور تربیت کے لئے بھی کوشاں رہتے تھے۔ روزانہ جامع مسجد شاہجہاں میں

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

عصر نماز کے بعد حدیث نبوی کا درس دیتے تھے اور جمعہ کو جامع مسجد خسرو میں وعظ کیا کرتے تھے آپ ایک قادر الکرم مبلغ اور خطیب تھے آپ نے عوام کے خواص و عوام کے سہولت کے خاطر ایک دارالافتاء قائم کر رکھا تھا جہاں سے لوگ فتاویٰ حاصل کرتے تھے اور شرعی بنیاد پر لوگوں کے فیصلے کئے جاتے تھے آپ کے ان فتاویٰ کا ایک بہت بڑا ذخیرہ ابھی تک قلمی صورت میں موجود ہے۔

بزرگوں کا احترام

مخدوم محمد ہاشم اپنے عہد کے بزرگان دین اور علماء کرام کا بڑا احترام کرتے تھے مخدوم محمد قائم سے آپ کا بعض مسائل پر اختلاف تھا اور ایک دوسرے کے رد میں کتابیں بھی تحریر کیں مگر بڑے اخلاق اور احترام کے دائرہ میں رہ کر ایک دوسرے کا رد فرمایا۔ مخدوم محمد معین ٹھٹوی شاہ ولی اللہ کے شاگرد اور شاہ عبد اللطیف کے دوست تھے ان کے بعض کتابوں کے رد میں آپ نے کتب تحریر کئے مگر ان کا نام اپنے کتابوں میں بڑے ادب و احترام سے لیا ہے اپنے عہد کے قطب حضرت ابوالقاسم نقشبندی کے ساتھ آپ کو بڑی عقیدت تھی۔ آپ ہر روز ان کے کمرہ کا جھاڑو دیتے تھے اور ان کے پلنگ کو صندل کی خوشبو سے بساتے تھے۔ ایک روز حضرت ابوالقاسم کو دیکھا کہ وضو فرما رہے ہیں اور بازو کی طرف سے کہنی پر پانی ڈال رہے ہیں۔ مخدوم صاحب نے عرض کیا کہ حضرت فقہ کے اعتبار سے کلائی سے کہنی پر پانی جانا چاہئے حضرت ابوالقاسم نقشبندی نے فرمایا کہ ہم نے پیغمبراسلام کو اس طرح وضو کرتے دیکھا ہے مخدوم صاحب نے عرض کی مگر فقہ کی روایت اسی طرح ہے جیسے میں نے عرض کیا۔ حضرت ابوالقاسم مراقبہ میں چلے گئے اور آپ کی روح انور کے طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا اگر چہ تم نے اس طرح دیکھا ہے مگر آپ کو اس طرح معمول کرنا چاہئے جس طرح مخدوم محمد ہاشم فرماتے ہیں آپ نے فرمایا اب میں اس طرح وضو کروں گا جس طرح تم کہتے ہو اس روایت سے معلوم ہوا کہ مخدوم ہاشم کو پیغمبر اسلام سے کتنا قرب تھا اور خاص طور پر مخدوم ہاشم کے حق گوئی اور بیباکی کا پتہ چلتا ہے کہ وہ فقہی اور شرعی معاملات میں کتنے سخت تھے کسی شخص نے کوئی مسئلہ مخدوم محمد ہاشم سے لکھوا کر آپ کے استاد مخدوم محمد ضیاء الدین کے سامنے تصدیق کے لئے رکھا مخدوم محمد ضیا الدین کی رائے اس مسئلے میں مخدوم محمد ہاشم کے خلاف تھی اس لئے انہوں نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا رات کو مخدوم محمد ضیا الدین نے خواب میں دیکھا آنحضرتؐ کو دیکھا فرما رہے ہیں مخدوم محمد ہاشم

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

نے جو فتویٰ دیا ہے وہ صحیح ہے تم اس پر دستخط کرو دوسرے دن مخدوم ضیاء الدین نے اس شخص کو بلایا اور فتویٰ پر دستخط کروائے اس کے بعد آپ کے پاس کوئی بھی مسئلہ آتا تھا تو آپ فرماتے تھے کہ فتویٰ مخدوم محمد ہاشم سے حاصل کرو وہ ہی صحیح فتویٰ دیتے ہیں

عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم

مخدوم صاحب' صاحب تقویٰ و فتویٰ ہونے کے ساتھ عاشق رسولؐ تھے ان کی آنکھیں ہمہ وقت فراق اور حب رسولؐ میں نم رہتی تھیں جدائی اور فراق میں زبان حال سے کبھی باد صبا کو پیغمبر اسلام کے طرف پیغام بھیج کر اپنے دل کو تسلی دے کر دل کا سرور حاصل کرتے تھے انہوں نے عشق رسولؐ میں کافی قصائد بھی لکھے ہیں جن میں سے چند سطریں ان کے قصیدے کے ذیل میں پیش کرتے ہیں :۔

۱۔ ایا نسیم صبا ان ذرت روضتہ'
سلم علی المصطفیٰ صاحب النعم

اے نسیم صبا اگر تیرا گذر پیغمبر اسلام کے روضہ مبارک سے ہو تو اس صاحب نعم مصطفیٰؐ کے روضے پر میرا بھی سلام کہنا۔

۲۔ وقف عند ممنجعہم فی مواجہۃ
وبلغ صلاتی وتسلیمی علیٰ روح اکرم

کھڑے ہو کر میرا صلوٰۃ و سلام ان کے پاک روح پر ھدیہ کرنا۔

۳۔ وقل یا رسول اللہ ! عبد مقصر
غریق فی بحر السیئات ومغرم

اور عرض کیجئے یا رسول اللہ یہ گنہگار بندہ گناہوں کے گہرے دریاؤں میں غوطہ کھا رہا

۴۔ یلوذ الیٰ جنابک مستغیثا

۴۔ ویشکو ذنوبا کالجبال الاعاظم

اور آپ سے ہی توجہ اور مدد کا طالب ہے جبکہ گناہ پہاڑوں سے بھی بڑے ہیں۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

روحی فداک و انت حیاۃ روحی
وقرۃ عینی و الشفاء من السقم

میری جان آپ پر قربان ہو اور آپ میری روح کی حیات ہیں میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں میری بیماریوں کی شفاء ہیں۔

ان اشعار سے قارئین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کے دل میں کتنا عشق رسول موجزن تھا

زہد و تقویٰ

جہاں تک مخدوم صاحب کے زہد کا تعلق ہے تو خود انکی زبانی سنئے آپ اپنے ایک قلمی بیاض میں رقم طراز ہیں چار ہزار کتب تکرار کردم چار سخن اختیار کردم یکے آنکہ اے نفس من اگر اطاعت خداتعالیٰ کن یکن والا رزق او مخور۔

میں نے چار ہزار کتابوں کا مطالعہ کیا ان سے چار باتیں چنیں اور اختیار کیں ایک یہ کہ اے نفس اگر خدا تعالیٰ کی عبادت کرتے ہو تو کرو ورنہ اس کا رزق مت کھا۔

دوم آنکہ اے نفس من آنچہ خدا تعالیٰ منع کردہ است' بپرھیز والا از ملک او دور شو۔

دوسرے یہ کہ اے میرے نفس جن باتوں سے خدا تعالیٰ نے منع کیا ہے ان سے باز رہ ورنہ اس کی حکومت سے باہر نکل جا۔

سوئم آنکہ ای نفس من آنچہ قسمت ازلی بتو ی رسد بدان قانع باش والا خدا دیگر بطلب کہ قسمت تو زیادہ کند۔ تیسرا یہ کہ اے میرے نفس قسمت ازلی سے جو کچھ تجھے مل رہا ہے اس پر قناعت پذیر ہو ورنہ دوسرا خدا بناؤ جو تیری قسمت زیادہ کردے۔

چہارم آنکہ اے نفس من اگر گناہ کنی تا جائے پیدا کن کہ خدائے تعالیٰ ترا نہ بیند والا مکن ۔ اے میرے نفس اگر تو گناہ کا ارادہ کرے تو ایسی جگہ چن جہاں تجھے خداتعالیٰ نہ دیکھ سکے ورنہ مت کر ۔

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

تصانیف

مخدوم محمد ہاشم نے درس و تدریس وعظ و نصیحت قضاء افتاء کے علاوہ تصنیف و تالیف کے کام کو بھی جاری و ساری رکھا کہتے ہیں کہ ان تحریروں کے علاوہ جو متفرق مسائل پر آپ نے تحریریں لکھی ہیں ان کا تعداد ہزاروں سے بھی زیادہ ہے صرف آپ کی تصنیفات تین سو تک ہیں۔

مخدوم امیر احمد عباسی مقدمہ "بذل القوۃ فی سنن حوادث النبوۃ" میں لکھتے ہیں کہ آپ کے متفرق مسائل پر تحریریں ہزاروں سے بھی متجاوز ہیں
مخدوم صاحب نے خود اپنے رسالہ اتحاف الاکابر بمرویات الشیخ عبد القادر" کے ضمیمہ میں جن کو مکہ مکرمہ کے قیام کے دوران ۱۱۳۹ھ میں تحریر کیا اور اس کی تسوید سے منگل ۲۹ شوال کو بوقت چاشت فارغ ہوئے اپنی تصانیف کا ذکر کیا ہے جن کی تعداد ۱۱۱ ایک سو گیارہ ہے جبکہ مخدوم امیر احمد نے مذکورہ کتاب کے مقدمہ میں مزید چودہ کتابوں کا ذکر کیا ہے اور نام لکھے ہیں یہ کتابیں مخدوم ہاشم صاحب کے مذکورہ رسالہ میں نہیں ہیں مخدوم محمد ہاشم کے پوتے میاں غلام محمد نے لکھا ہے کہ آپ کی عربی فارسی سندھی زبان میں ڈیڑھ سو سے زیادہ تصنیفات موجود ہیں۔
علامہ مخدوم محمد ہاشم ۱۱۳۹ھ میں جس رسالہ کو مکہ مکرمہ میں لکھ کر فارغ ہوئے اس وقت آپ کی عمر صرف ۳۶ برس کی تھی اس عمر میں آپ ۱۱۱ تصنیفات کر چکے تھے جس کا ذکر آپ نے اپنے ضمیمہ اتحاف الا کابر میں کیا ہے موصوف کی وفات ۱۱۷۴ھ میں ہوئی ہے ان تصانیف کے بعد اڑتیس برس زندہ رہے یقیناً اس عرصہ کے دوران جو کتابیں لکھی گئی ہیں وہ پردہ اخفا میں رہیں اس لئے ان کے تصنیفات کے تعداد میں اختلاف ہے مخدوم صاحب کی تصانیف میں سے صرف چند کتابیں شائع ہوئی ہیں باقی ابھی تک نادر الوجود ہیں یا بعض قلمی تصانیف بعض حکومتوں کے لائبریروں یا بعض اہل علم حضرات کی لائبریریوں کی الماریوں کی زینت بنی ہوئی ہیں، جن سے استفادہ بھی ناممکن ہے
مخدوم صاحب کی تصانیف تفسیر حدیث، فقہ، اصول فقہ، سیرت اسماء الرجال۔ عقائد، تصوف، ذکرواذکار، علم عروض، سیرت النبوی وغیرہ پر مشتمل ہیں۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

وفات

مخدوم محمد ہاشم ؒ نے اپنی عمر عزیز کے ستر ۷۰ برس تعلیم و تدریس تصنیف تالیف عبادت و ریاضت میں بسر کرکے آٹھ رجب المرجب ۱۱۷۴ھ میں عالم فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرماگئے۔آپ کو مکلی کے مشہور قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا جہاں پر آج بھی آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف سموں

راجو نظامانی ٹھٹھہ۔ ۱- جنوری ۱۹۹۴

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده وعلى آله وصحبه ومن نحا نحوه

وبعد فيقول العبد المفتقر إلى رحمة ربه الغني محمد هاشم بن عبد الغفور ، التتوى كان الله لــه وبه ومعه في كل وقت وحين آمين.

انى قد سئلت عن الدعاء بعد الصلاة المكتوبة هل هي سنة ام لا ؟ وأن الدعا بعد المكتوبة هل الا فضل فيه ان تكون الدعاء قبل السنة المؤكدة في الصلاة بعدها سنة أو بعدها ؟ .

فقلت : ان الدعاء بعد المكتوبة سنة مستحبة لا يحسن تركها لا سيما في حق الامام وجاز فيــه ان يكون قبل السنة الموكدة كما يجوز أن يكون بعدها والافضل أن يكون قبل السنة ما لم يكن دعاء طويلا فوا فقني بعض فضلاء العصر على ذلك وخالفني بعضهم مستدلين بالروايات المنقولة من جواهر الفتاوى

تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جو اپنی ذات میں اکیلا ہے۔ صلوات وسلام اس نبی پاک پر، جس کے بعد کوئی نبی نہیں اور ان کے آل واصحاب اور ان کی اتباع کرنے والوں سب پر۔

رب غنی کی رحمت کا محتاج بندہ محمد ھاشم بن عبد الغفور ٹھٹوی۔ ھمیشہ اللہ کی رحمت اس کے شامل حال رہے، کہتا ہے۔

مجھ سے سوال کیا گیا کہ فرض نماز کے بعد دعا مانگنا سنت ہے کہ نہیں؟۔ اور وہ نماز جن میں فرض نماز کے بعد سنت مؤکدہ ہے ان نمازوں میں فرض کے بعد دعا مانگنا سنت ہے یا نہیں؟۔

الجواب۔ بیشک فرض نماز کے بعد دعا مانگنا سنت مستحبہ ہے اور کسی صورت میں بھی دعا کو ترک کرنا اچھا نہیں ہے خاص طور پر امام کے لئے (چھوڑنا درست نہیں ہے)۔ فرض نماز کے بعد سنت مؤکدہ سے پہلے دعا مانگنا جائز ہے۔ جس طرح بعد میں جائز ہے۔ تاہم افضل یہ ہے سنت نماز سے پہلے ہو۔ بشرطیکہ دعا طویل نہ ہو۔ میرے زمانے کے بعض علماء نے اس مسئلے میں میری موافقت کی

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

والأشباه وغيرهما الآتية فى خاتمة هذه الرسالة القائلة بكراهة الدعا قبل السنة .

فكتبت هذه الرسالة واوردت فيها ما يدل على عدم كراهة الدعاء قبل السنة بل على انه الا فضل من الاحاديث النبوية صلى الله تعالى على صاحبها نبينا محمد وسلم ومن الروايات الفقهية المعتمدة وشرعت فيها صبيحة ليلة الخميس التاسع عشر من شهر صفر المظفر سنة ۱۱۶۸ الف ومأة وثمان وستين من الهجرة النبوية علي صاحبها افضل الصلوة واشرف السلام والتحية وسميتها "بـ التحفة المرغوبة فى أفضلية الدعاء بعد المكتوبة" وبنيتها على بابين وخاتمة الباب الاول فى ان اصل الدعاء بعد المكتوبة

اور بعض نے اختلاف کیا۔

مخالفین نے دلیل کے طور پر ان روایات کو پیش کیا جو جواہر الفتاویٰ اور الاشباہ یا ان کے علاوہ دوسری کتابوں میں ہیں اور جن کا حوالہ دیا گیا ہے اور جن کو اس رسالے کے آخر میں ذکر کیا گیا ہے ان روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ فرضوں کے بعد سنت نماز سے پہلے دعا مانگنا مکروہ ہے۔ میں نے اس رسالہ میں حضور اکرمؐ کی احادیث اور معتمد فقہاء کے معتمد اقوال دلیل کے طور پر پیش کئے ہیں کہ

فرض نماز کے بعد اور سنت نماز سے پہلے دعا مانگنا مکروہ نہیں ہے۔ بلکہ ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دعا مانگنا ہی افضل ہے۔ میں نے اس رسالہ کو ۱۹ صفر المظفر ۱۱۶۸ھ بروز جمعرات کو لکھنا شروع کیا اور اس کا نام " تحفۃ المرغوبۃ فی افضلیۃ الدعاء بعد المکتوبۃ" رکھا ہے۔

کتاب کے دو باب اور ایک خاتمہ ہے۔

باب اول میں ثابت کیا ہے کہ فرض نماز کے بعد دعا سنت مستحبہ ہے۔

باب دوئم میں ثابت کیا ہے کہ فرض نماز کے بعد سنت مؤکدہ سے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

سنة مستحبة ، الباب الثانى فى ان الدعاء بعد المكتوبة قبل السنة جائز بلا كراهة بل هو افضل من ان يكون بعد السنة ما لم يكن دعاءً طويلا ، الخاتمه فى بيان الروايات التى استدل بها المخالفون و بيان حاصل هذه الرسالة .

الباب الاول

فى ان اصل الدعاء بعد المكتوبة سنة مستحبة وفيه فصلان.

الفصل الاول :

فى الاحاديث الواردة فى ان اصل الدعاء بعد المكتوبة سنة مستحبة فاقول مستعينا بالله العظيم قد اخرج الترمذى فى سننه و النسائى فى عمل اليوم والليلة عن أبى امامة الباهلى رضى الله تعالى عنه

پہلے دعا مانگنا بلا کراہت جائز بلکہ افضل ہے۔ بشرطیکہ دعا لمبی نہ ہو اور خاتمہ میں وہ روایات بیان کی گئی ہیں جن سے مخالفین نے سنتوں سے پہلے دعا مانگنے کے مکروہ ہونے پر استدلال کیا ہے۔ نیز اس رسالہ کا خلاصہ بھی کرلیا ہے۔

فرض نماز کے بعد دعا سنت مستحب ہے۔ اس میں دو فصلیں ہیں۔

باب اول

فصل اول میں وہ احادیث پیش کی گئی ہیں' جن میں بتایا گیا ہے کہ فرض نماز کے بعد دعا سنت مستحب ہے۔ پس میں اللہ سے مدد لیتے ہوئے کہتا ہوں ۔ امام ترمذی نے اپنے سنن میں اور امام نسائی نے اپنے سنن اور ابن سنی نے عمل الیوم واللیلۃ میں حضرت ابو امامہ الباھلی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

قال قيل يا رسول الله ﷺ أى الدعاء أسمع قال جوف الليل الآخر ودبر الصلوات المكتوبات » . قال الترمذی: هـــذا حديث حسن قال العلامة عبد الحق الدهلوى : فى شرحه الفارسی (۱) على المشكاة إن ظاهر هذه العبارة إن المراد متصلا بالفرض انتهى وأخرج البخاری (۲) فى تاريخه الأوسط عن المغيرة بن شعبة رضى الله تعالى عنه "أن رسول الله ﷺ كان يدعو دبر كل صلاة ثلاثا".

وأخرج مسلم عن ثوبان : « قال كان رسول الله ﷺ إذا انصرف من صلاتـــه استغفر ثلاثا وقال « اللهم أنت السلام ومنك السلام تباركت يـا ذا الجلال والإكرام » قيل للأوزاعی وهو أحد رواة الحديث : « كيف الاستغفار ؟

علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کونسی دعا اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ مقبول ہے؟ آپ نے فرمایا کہ آدھی رات کے بعد اور فرض نمازوں کے بعد کی دعا۔ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن کہا ہے۔ علامہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی رح نے اپنی مشہور فارسی کتاب شرح مشکوات میں لکھا ہے کہ اس دعا سے مراد وہ دعا ہے جو فرض نماز کے بعد متصل پڑھی جاتی ہے۔ امام بخاری نے تاریخ الاوسط میں مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد تین بار دعا مانگتے تھے۔

امام مسلم نے ثوبان رضی اللہ عنہ سے روات کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فراغت کے بعد تین بار استغفار پڑھا کرتے تھے اور فرماتے تھے " اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ " (ترجمہ) اے اللہ تیرے لئے ہی سلامتی ہے اور تیری طرف سے ہی سلامتی ہے۔ تو بڑی برکتوں کا مالک ہے اے جلال اور عزت کے مالک۔

امام اوزاعی رح جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں ان سے دریافت کیا گیا کہ حضور اکرم صلی اللہ کا استغفار کس طرح ہوتا تھا؟ انہوں نے فرمایا آپ تین مرتبہ استغفر اللہ ۔ استغفر اللہ ۔ استغفر اللہ پڑھتے تھے۔ امام بخاری

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

« قال يقول استغفر الله ، استغفر الله، استغفر الله »

وأخرج البخارى ومسلم فى صحيحيهما وأبو داود والنسائى فى سننيهما عن المغيرة بن شعبة رضي الله عنه : « قال إن رسول الله ﷺ كان إذا فرغ من الصلاة وسلم قال لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شئ قدير اللهم لا مانع لما أعطيت ولا معطى لما منعت ولا ينفع ذا الجد منك الجد » ولفظ البخارى فى كتاب الاعتصام : « أنه ، صلى الله تعالى عليه وسلم كان يقول هذه الكلمات دبر كل صلاة » ولفظ البخارى أيضاً فى كتاب الصلاة : « دبر كل صلاة مكتوبة » فهذا بعمومه شامل للمكتوبة التي بعدها سنة، والتي لاسنة بعدها :

اور امام مسلم نے صحیحین میں اور نسائی اور ابوداؤد نے اپنے سنن میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوجاتے تو یہ دعا مانگا کرتے کہ

"لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ"

(ترجمہ) ایک اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔اے اللہ جسے تو عطا کرے اسے کوئی منع کرنے والا نہیں اور جسے تو منع کرے اسے کوئی دینے والا نہیں اور تیرے مقابلے میں کوشش کرنے والے کو اس کی کوئی کوشش فائدہ نہیں دے گی۔

امام بخاری نے کتاب الاعتصام میں لکھا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ الفاظ ہر نماز کے بعد فرمایا کرتے تھے۔ امام بخاری نے کتاب الصلواۃ میں یہ بھی لکھا ہے کہ آپ ہر نماز کے بعد یہ الفاظ فرمایا کرتے تھے ۔

پس یہ الفاظ ہر اس نماز پر شامل ہیں جس کے بعد سنت ہے اور جس کے

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

وأخرج مسلم فى صحيحه وأبو داود والنسائى فى سننهما عن عبد الله ابن الزبير : « أنه كان يقول دبر كل صلاة حين يسلم لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شئ قدير ولا حول ولا قوة إلا بالله لا تعبدوا إلا إياه له النعمة وله الفضل وله الثناء الحسن لا إله إلا الله مخلصين له الدين ولو كره الكافرون » قال ابن الزبير : « كان رسول الله ﷺ يهلل بهن دبر كل صلاة وزاد بعضهم " دبر كل صلاة مفروضة ".

وأخرج البخارى ومسلم عن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما :

بعد سنت نہیں ہے۔ مسلم نے اپنے صحیح میں اور ابوداؤد اور نسائی نے اپنے سنن میں عبد اللہ بن زبیر سے روایت کی ہے کہ... دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ حِينَ يُسَلِّمُ: (یہ دعا آپ ہر نماز سے سلام پھیرنے کے بعد مانگا کرتے تھے)

لا إله الا الله وحده لاشريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير ولاحول ولا قوة الا بالله لا تعبدوا إلا إياه له النعمة وله الفضل وله الثناء الحسن... الخ (ترجمہ) ایک اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ اسی کا ملک ہے اور اس کے لئے حمد وتعریف ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی توفیق اللہ کے سوا کسی کے پاس نہیں ہے۔ اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو۔ اسی کی نعمت ہے اور اسی کا فضل ہے اور اسی کے لئے ثنائے جمیل ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (ہم نے اپنے دین کو اسی کے لئے) خالص کردیا اگرچہ کافروں کو یہ بات کتنی ہی ناگوار کیوں نہ ہو۔ (مسلم، نسائی اورابوداؤد) ابن زبیر فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ تہلیل (یعنی لاالہ الا اللہ) ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے اور بعض راویوں نے "دُبُرَ كُلِّ صَلوٰةٍ مفروضةٍ" کے الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ یعنی ہر فرض نماز کے بعد آپ یہ پڑھا کرتے تھے

امام بخاری اور مسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

« إن رفع الصوت بالذكر حين ينصرف الناس من المكتوبة كان علـى عهد رسول الله ﷺ قال ابن عباس : « وكنت أعلم إذا انصرفوا بذلك إذا سمعته » وفي لفظ " قال ما كنا نعرف ، انقضاء صلاة رسول الله ﷺ إلا بالتكبير "

وقال الشيخ عبد الحق الدهلوى رحمه الله فى شرحه الفارسى على المشكاة أنـه : « قال بعضهم أنهم كانوا يكبرون عـلى عهد رسول الله ﷺ بعد الصلاة مرة و احدة أو ثلث مرات انتهى . »

وأخرج البخارى فى صحيحه فى أوائل كتاب الجهاد عن سعد بن أبي وقاص رضى الله تعالى عنه : « أن رسول الله ﷺ كان يتعوذ دبر كل صلاة بهؤلاء الكلمات اللهم إنى أعوذ بك

روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لوگ فرض نماز کے بعد بلند آواز ذکر کرتے تھے۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ میں اتنا جانتا ہوں کہ آپ نماز سے فارغ ہوتے تو میں ان الفاظ کو سنتا تھا۔ اور ایک روایت میں یہ ہے کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے اختتام کو نہیں جانتے تھے مگر بلند آواز اللہ اکبر کہنے سے۔

شیخ عبد الحق محدث دہلوی مشکوات شریف کی فارسی شرح میں فرماتے ہیں کہ بعض نے کہا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نماز کے بعد ایک مرتبہ یا تین بار اللہ اکبر پڑھا کرتے تھے۔ امام بخاری نے بخاری شریف کتاب الجہاد کے اوائل میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد ان الفاظ کے ساتھ دعا مانگا کرتے تھے۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

من الجبن وأعوذ بك من أن أردالى أرذل العمر وأعوذ بك من فتنة الدنيا وأعوذ بك من عذاب القبر ، وأخرج أبو بكر بن شيبة فى مصنفه عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالى عنه : « قال كان رسول الله ﷺ عليه وسلم يقول إذا فرغ أحدكم من الصلاة فليقل اللهم إنى أسئلك من الخير كله ما علمت منه وما لم أعلم وأعوذ بك من الشر كله ما علمت منه وما لم أعلم اللهم اسئلك من خير ما سئلك به عبادك الصالحون وأعوذ بك من شر ما استعاذك منه عبادك الصالحون ربنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النار ربنا إننا آمنا فاغفر لنا ذنوبنا وآتنا ما وعدتنا على رسلك ولا تخزنا يوم القيامة إنك لاتخلف المعياد » .

(ترجمہ) اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں ارذل العمر کو پہنچوں اور تیری پناہ مانگتاہوں دنیا کے فتنہ اور پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے۔

ابوبکر بن شیبہ اپنے مصنف میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نماز پڑھکر فارغ ہو تو وہ یہ الفاظ کہے۔

(ترجمہ) اے اللہ میں آپ سے وہ تمام بھلائی چاہتا ہوں جو میں جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا۔ اور اس تمام برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو میں جانتا ہوں اور جو نہیں جانتا۔اے اللہ میں تجھ سے وہ تمام بھلائی مانگتا ہوں جس کا تجھ سے تیرے نیک بندوں نے سوال کیااور ھر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس سے تیرے نیک بندوں نے پناہ مانگی ہے۔ اے اللہ ہمیں دنیا اور آخرت میں نیکی عطا فرمااور عذاب دوزخ سے بچا۔ اے اللہ ہم تجھ پر ایمان لائے پس ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمیں وہ عطا فرما جس کا تو نے وعدہ فرمایا ہے۔ اورہمیں قیامت کے دن رسوا نہ فرمانا۔ بیشک اللہ اپنے عہد کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

واخرج ابو داود والنسائی فی سننهما وابو نعيم فی الحلية عن معاذ بن جبل رضی الله تعالی عنه : « ان النبی ﷺ قال له اوصيك يا معاذ ولا تدعن ان تقول دبر كل صلاه اللهم اعنی علی ذكرك وشكرك وحسن عبادتك » ولفظ ابو نعيم « اعنی علی تلاوة القرآن وكثرة ذكرك الی آخره » .

واخرج الامام احمد فی مسنده عن عبد الرحمن بن غنم رضی الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : « من قال قبل أن ينصرف ويثنی رجليه دبر صلاة المغرب والصبح لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد بيده الخير يحيی ويميت وهو علی كل شیء

ابوداؤد اور نسائی نے اپنے سنن اور ابو نعیم نے الحلیہ میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ میں تجھے وصیت کرتا ہوں ہر نماز کے بعد یہ دعا مانگنے کی اور اسے کبھی نہ چھوڑنا۔

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ (ترجمہ)

اے اللہ اپنے ذکر اور اپنے شکر اور اپنی اچھی عبادت پر میری مدد فرما۔ ابو نعیم کے الفاظ یہ ہیں : اَعِنِّیْ عَلٰی تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَكَثْرَةِ ذِکْرِكَ

ترجمہ : (اے اللہ میری مدد فرما قرآن مجید کی تلاوت اور کثرت ذکر پر) آخر تک۔

امام احمد نے اپنے مسند میں عبد الرحمن بن غنم رضی اللہ عنہ روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے صبح اور مغرب نماز پر جانے سے پہلے دس مرتبہ یہ الفاظ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ ..... (ترجمہ) ایک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے ہر طرح کی حمد اور تعریف ہے۔ تمام بھلائیاں اسی کے ہاتھ میں ہیں ۔ وہی زندہ کرتا اور وہی مارتا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قدرت

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

قدير عشر مرات كتب له بكل واحدة عشر حسنات ومحيت عنه عشر سيئات ورفعت له عشر درجات وكانت له حرزا من كل مكروه ولم يحل لذنب أن يدركه إلا الشرك وكان من أفضل الناس عملا إلا رجلا يفضله يقول أكثر مما قال

واخرج احمد والترمذى وقال حسن صحيح عن عبد الرحمن ابن عائش رضی اللہ عنہ ومعاذ بن جبل رضی اللہ عنہ وابن عباس رضى الله تعالى عنه عن النبي ﷺ: « إن الله تعالى قال يا محمد اذا صليت فقل اللهم انى اسئلك فعل الخيرات وترك المنكرات وحب المساكين وان تغفرلى وترحمنى واذا اردت بعبادك فتنة

رکھتا ہے ـــــــ تو اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں' دس برائیاں مٹائی جاتی ہیں' دس درجے بلند کیے جاتے ہیں' ہر مکروہ چیز سے وہ محفوظ رہتا ہے' شرک کے علاوہ اس کے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور ایسا شخص لوگوں میں عمل کے اعتبار سے افضل ہوتا ہے۔ سوائے اس شخص کے جو اس سے زیادہ ذکر کرتا ہو۔ امام احمد اور امام ترمذی نے بھی اس حدیث کو ذکر کیا اور اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے۔

عبد الرحمٰن ابن عائش' معاذ بن جبل اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جب آپ نماز پڑھا کریں تو کہا کریں۔

(ترجمہ) اے اللہ میں تجھ سے تمام بھلائیاں اور تمام برائیوں سے (اجتناب) اور مساکین کی محبت چاہتا ہوں اور یہ کہ تو میری مغفرت فرمالے اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو اپنے بندوں کے بارے میں فتنہ کی بات کا ارادہ فرمائے تو (اس وقت) میرا روح قبض فرمالینا بغیر کسی فتنہ اور آزمائش کے۔ اے اللہ میں تیری محبت اور ہر اس شخص کی محبت اور ہر اس عمل کی محبت کا سوال

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

فاقبضنی الیك غیر مفتون اللهم انی اسئلك حبك وحب من یحبك وحب عمل یقربنی الی حبك ، وزاد الترمذی عن ابی الدرداء رضی الله تعالیٰ عنه مرفوعا : ، اللهم اجعل حبك احب الی من نفسی واهلی ومن الماء البارد ، .

وأخرج ابن السنی (۳۳) فی عمل الیوم واللیلة، وابو الشیخ عن انس رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی ﷺ قال : ، قل بعد کل صلاة بعد ما ترفع یدك اللهم الهی اله إبراهیم واسحاق ویعقوب واله جبرئیل ومیکائیل واسرافیل اسئلك ان تستجیب دعوتی فانی مضطر وتعصمنی فی دینی فانی مبتلی وتنالنی برحمتك فانی مذنب وتنفی عنی الفقر فانی متمسکن

کرتا ہوں جو مجھے تیری محبت کے نزدیک کر دے۔

امام ترمذی نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ اس حدیث کو مرفوعاً روایت کرتے ہوئے ان الفاظ کو زیادہ کیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ واھلی .... (ترجمہ) اے اللہ میرے لئے اپنی محبت میرے اپنے نفس اور میرے اہل وعیال کے مقابلے میں ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنا دے۔

ابن السنی نے عمل الیوم واللیلۃ میں اور ابو الشیخ نے انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم نماز کے بعد ہاتھ اٹھاؤ تو کہا کرو (ترجمہ) میرے اللہ اور حضرت ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے معبود اور حضرت جرائیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میری دعا کو قبول فرما کیونکہ میں مجبور ومضطر اور پریشان حال ہوں اور یہ کہ تو میری میرے دین میں حفاظت فرما کیونکہ میں آزمائش میں مبتلا ہوں اور مجھے اپنی رحمت میں گھیر لے کیونکہ میں گنہگار ہوں اور یہ کہ تو میرے فقر وفاقہ کو دور فرما کہ میں مسکین ہوں۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

واخرج ابن السنی فی عمل الیوم واللیلة ایضاً عن ابی امامة رضی اللہ تعالی عنہ : « أنــه قال مادنوت من رسول اللہ ﷺ فی دبر کل صلاة مکتوبة ولا تطوع الاسمعته یقول اللھم اغفرلی ذنوبی وخطایای کلها اللھم انعشنی واجبرنی واھدنی لصالح الاعمال والاخلاق انه لا یهدی لصالحها ولا یصرف سیئها إلا أنت »

واخرج ابن السنی ایضاً والطبرانی فی الاوسط عن انس رضی اللہ تعالی عنہ کان النبی ﷺ « اذا انصرف من الصلاة » ولفظ الطبرانی : « اذا سلم من الصلاة یقول اللھم أجعل خیر عمری آخره وخیر عملی خاتمــه وخیر ایامی یوم القاك »

ابن سنی نے بھی عمل الیوم واللیلہ میں حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں جب کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا' آپ کو ہر فرض اور نفل نماز کے بعد یہ دعا مانگتے ہوئے سنا۔ اللھم اغفرلی ذنوبی وخطایای کلها اللھم انعشنی و اجبرنی واھدنی لصالح الاعمال والاخلاق انه لا یھدی لصالحها ولا یصرف سیئها الا انت (ترجمہ) اے اللہ میرے سارے گناہ اور سب خطائیں معاف فرما۔ اے اللہ مجھے نیک اعمال اور اخلاق کے لئے سرگرم فرمااور ان پر مجھے مجبور فرما اور ان کی طرف مجھے ہدایت عطا فرما۔ کیونکہ نیکی کی طرف ھدایت اور برائی سے حفاظت تو ہی فرما سکتا ہے۔

ابن سنی اور طبرانی نے اوسط میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی نماز سے فارغ ہوتے تھے اور طبرانی کے یہ الفاظ ہیں کہ جب آپ نماز سے سلام پھیرتے تو یہ دعا مانگتے تھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ خَیْرَ عُمْرِیْ ......

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

قلت : الاحاديث الواردة فى الدعاء والذكر بعد الصلاة مطلقا أو بعـد المكتوبة سوى ما ذكرنا ايضاً كثيرة غزيرة مذكورة فى الحصن الحصين لابن الجزرى وعمل اليوم والليلة لابن السنى والكلم الطيب للسيوطى وغيرها لكنى اقتصرت منها على هذا القدر فيها للمومن العامل كفاية وايضاً قد ورد فى الحديث الانكار على من ترك الدعاء بعد الصلاة .

فقد أخرج أبو داود وابن ماجه عن المطلب بن أبي وداعة رضي الله عنه قال رسول الله ﷺ: « الصلاة مثنى مثنى وتشهد فى ركعتين وتباءس وتمسكن وتقنع بيديك وتقول اللهم اغفرلى فمن لم يفعل ذلك فهو خداج» قوله وتشهد فى كل ركعتين تفسير لقوله مثنى كما فسر به

(ترجمہ) اے اللہ میری آخری عمر کو بہترین فرما اور میرا خاتمہ بالخیر فرما اور میرے بہترین ایام وہ فرما جو تیرے ساتھ ملاقات کے ہوں۔

میں کہتا ہوں کہ مطلق نماز کے بعد یا فرض نماز کے بعد دعا اور ذکر کے لئے ہم نے جن احادیث کو بیان کیا ہے' ان کے علاوہ ابن الجزری کے حصن حصین ' ابن السنی کے عمل الیوم واللیلہ اور سیوطی کے الکلم الطیب وغیرہ میں بہت سی احادیث مذکور ہیں لیکن میں نے ان احادیث پر اختصار کیا ہے' جو کسی بھی مومن کے عمل کے لئے کافی ہیں۔ نیز اسی طرح نماز کے بعد دعا کے ترک کو ناپسند کیا گیا ہے۔ چنانچہ ابو داؤد اور ابن ماجہ مطلب بن ابی وداع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ نماز دو رکعت کی ہوتی ہے اور ہر دو رکعت کے بعد تشہد ہے۔ خشوع وخضوع اور عاجزی اختیار کرو اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا مانگو: "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ" « فمن لم یفعل ذلک فھو خداج» (ترجمہ) اے اللہ میری مغفرت فرما اور جو ایسا نہیں کریگا وہ نقصان میں رہتا ہے۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

الامام أبو حنيفة رحمه الله لفظ مثنى مثنى فى حديث صلاة الليل مثنى مثنى وقوله وتشهد المذكور وما عطف عليه من قوله تباءس وتمسكن افعال مضارعة حذفت منها احدى التائين تخفيفا وقوله تباءس اى تخضع فى الدعاء من البؤس بمعنى الخضوع واظهار الفقر والحاجة وقوله تمسكن اى تظهر المسكنة والتضرع فى دعائك وقوله وتقنع بديك اى ترفعها من الاقناع قاله فى النهاية وقوله خداج اى ناقص ومعلوم ان الامر برفع اليد فى الدعاء دليل على ان المراد بهذا الدعاء الدعاء بعد السلام اذا الدعاء قبل السلام ليس فيه رفع اليدين ولم يقل بذالك احد وقال فى مفاتيح الجنان شرح شرعة الاسلام: انه روى عن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما

ہر دو رکعت کے بعد تشہد گویا کہ تفسیر ہے مثنیٰ کی جیسا کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک مثنیٰ سے مراد رات کی نماز ہے۔ یعنی رات کی نماز دو دو رکعت ہوتی ہے۔ اس میں تشہد ہے تباؤس ہے تمسکن ہے تقنع ہے۔ یہ مضارع کا افعال ہیں تخفیف کی خاطر ایک تا کو حذف کیا گیا ہے۔ تباؤس کے معنیٰ دعا میں عاجزی کرنے کے ہیں۔ البؤس ۔معنیٰ خضوع کرنا اور اپنی حاجت اور فقر کا اظہار کرنا اور تمسکن کے معنیٰ ہیں اپنی عاجزی اور مسکینی کا دعا میں اظہار کرنا اور تقنع دعا میں ہاتھ بلند کرنا ہے۔ یہی صاحب النھایہ نے لکھا ہے اور خداج کے معنیٰ ہیں ناقص۔ دعا میں ہاتھ بلند کرنے کے حکم سے معلوم ہوا کہ یہ وہ دعا ہے جو سلام کے بعد پڑھی جاتی ہے کیونکہ جو دعا سلام سے پہلے ہے اس میں ہاتھ نہیں اٹھائے جاتے اور نہ ہی کسی نے ایسا کہا ہے۔

مفاتیح الجنان شرح شرعۃ الاسلام میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

ان النبی ﷺ قال : « ومن لم یفعل ذالک فهو خداج ثم فسر الحدیث فقال ای من لم یدع بعد الصلاة رافعا یدیه الی ربه مستقبلا ببطونها وجهه ولم یطلب حاجاته فا فعله من الصلاة ناقصة عند الحق سبحانه وتعالی کذا حققه فی التنویر انتهی ما فی مفاتیح الجنان .

واخرج ابو داؤد عن ابی رمثة رضی الله تعالی عنه : قال صلی نبی الله ﷺ ، ثم انفتل فقام الرجل الذی ادرک معه التکبیرة الاولی من الصلاة یشفع فوثب عمر فاخذ بمنکبه ثم قال اجلس فانه لن یهلک اهل الکتاب الا انه لم یکن بین صلاتهم فصل فرفع النبی ﷺ بصره فقال « اصاب الله بك یا ابن الخطاب » واورد هذا الحدیث صاحب المشکاة فی باب

روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو ایسا نہیں کرتا وہ نقصان میں ہے۔ حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے آگے فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز کے بعد ہاتھوں کو اٹھاکر اپنے معبود سے دعا نہیں مانگتا اور اپنی حاجت طلب نہیں کرتا اللہ تعالی کے نزدیک وہ نماز ناقص ہے۔ اسی طرح تنویر اور مفاتیح الجنان میں ہے۔ امام ابو داؤد نے ابی رمثہ رضی اللہ عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی اور نماز سے فارغ ہوکر ایک طرف ہوئے تو ایک شخص جو تکبیر اولی میں آپ کے ساتھ نماز میں شریک تھا بغیر دعا کے اٹھ کر کھڑا ہوا اور وقفہ کے بعد نماز پڑھنے لگا تب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور اس کو کندھے سے پکڑ کر بٹھایا اور فرمایا کہ اھل کتاب کو اللہ تعالی نے اسی لئے ہلاک کیا کہ ان کی نمازوں میں فصل نہیں ہوتا تھا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نگاہ اٹھا کر دیکھا اور ارشاد فرمایا کہ اے ابن خطاب اللہ تیرے ذریعے سے سیدھی راہ دکھائے۔ اس حدیث کو

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

الذكر بعد الصلاة وقال العلامة عبد الحق الدهلوى رحمه الله فى شرحه الفارسى على المشكاة « آوردن مصنف اين حديث رادر اين باب دلالت دارد برآنكه مراد بعدم فصل ترك ذكر بعد از نماز باشد يعنى بعد از نماز فرض بايد كه ذكرى بكند از آنچه وارد شده است در حديث ديگر بعد ازآن بر خيزد پس اين حديث دلالت دارد برعدم وصل تطوع بفريضه انتهى » .

وروى أن النبي ﷺ كان يقول إذا فرغ من صلاته « سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين » وفي الخبر عن النبي ﷺ أنه قال من قرء بعد كل صلاة مكتوبة « قل هو الله أحد الله الصمد عشر مرات فهو رفيق في الجنة ومن أستغفر بعد كل صلاة عشر مرات غفر الله له ذنوبه وإن كانت أكثر من رمل عالج » انتهى ما في التاتارخانية نقلاً عن الفتاوي الحجة فهذه العبارة تدل على فائدتين احداهما أن كراهة الأشتغال بالدعاء بين الفرض والسنة مقيدة بالطول فلو كان الدعاء قليلا كما هو المتعارف فلا كراهة وثانيها أن الدعوات التي أوردها صاحب فتاوى الحجة والتاتارخانية جملاها داخلة في القليلة ولاريب أن الدعاء المتعارف أقل منها فلا يكون مكروها أصلا وسيأتي ما يؤيد هذا ، منقولا عن فتح

اس کا کوئی مثال نہیں اور وہی سمیع اور بصیر ہے۔ یہ بھی روایت ہے کہ نبی اکرمؐ جب نماز سے فارغ ہوئے تو یہ کلمات پڑھتے تھے۔

حدیث میں آیا ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے ہر فرض نماز کے بعد ۱۰ مرتبہ قل ھو اللہ احد اللہ الصمد کا ورد کیا وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا اور جس نے ہر نماز کے بعد ۱۰ مرتبہ استغفار کیا اس کے سارے گناہ معاف کئے جائیں گے چاہے وہ عالج کے ریت سے زیادہ کیوں نہ ہوں۔ تاتارخانیہ نے جو فتاوی الحجہ سے نقل کیا ہے اس کے دو فوائد ہیں۔ اول یہ کہ اس دعا کو مکروہ کہا ہے جو فرض اور سنت کے درمیاں ہو اس کو لمبی دعا سے مقید کیا ہے۔ اگر دعا

مختصر ہے جیسے ہمارے ملک میں رواج ہے تو اس میں کراہت نہیں ہے۔ دوئم یہ کہ جن دعاؤں کا ذکر فتاوی الحجہ اور تاتارخانیہ نے کیا ہے کہ وہ مختصر ہوں تو اس

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

القدير" و"الشرح الكبير" للمنية وشرح "مواهب الرحمن" و"نصاب الفقه" و "عمدة الأبرار" و "كنز العباد" وغيرها وسيأتى بيان قدر الطول الذى يكون موجبا الكراهة التنزيهية فى أواخر هذا الفصل إن شاء الله تعالى .

وقال فى منية المصلى وشرحها الصغير لأبراهيم الحلبى أن هذه الأحكام المذكورة كلها فى حق الإمام وأما المقتدى والمنفرد فإنهما إن لبثا فى مكانهما الذى صليا فيه المكتوبة جاز وإن قاما إلى التطوع فى مكانهما ذلك جاز أيضا والأحسن أن يتطوعا فى مكان آخر غير مكان المكتوبة بأن يتقدما أو يتأخرا أو يتحولا يمنة أو يسرة انتهى ما فى المنية وشرحها الصغير

فحصل من هذه العبارات أن نفس الدعاء بين المكتوبة والسنة البعدية ليس بمكروه ، وإنما الكراهة لأجل لزوم تأخير السنة ، وأنه لا كراهة فى تأخير السنة عن حال أداء المكتوبة

میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو دعائیں ہمارے ملک میں مشہور ہیں وہ ان کی بیان کردہ دعاؤں سے بھی مختصر ہیں۔ لہٰذا اس میں قطعاً کراہت نہیں ہے اس قول کی تائید فتح القدیر' شرح الکبیر' منیۃ والشروح' مواہب الرحمٰن' نصاب فقہ' عمدہ الابرار' کنز العباد' وغیرہ میں ہے انشاء اللہ اس فصل کے آخر میں ہم ذکر کریں گے کہ کونسا طول موجب کراہت تنزیہی ہے۔ منیۃ المصلی اور اس کی شرح صغیر میں ابراہیم حلبی نے لکھا ہے کہ یہ تمام مذکورہ احکام امام کے لئے ہیں۔ جہاں تک مقتدی اور منفرد کا تعلق ہے تو وہ چاہے تو اسی جگہ بیٹھا رہے جہاں پر اس نے فرض نماز ادا کی ہے اور اگر اس کی مرضی نوافل پڑھنے کی ہے تو نوافل ادا کرے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ دوسری جگہ نوافل ادا کرے یعنی جہاں پر فرض نماز ادا کی ہے اس کے علاوہ کسی اور جگہ دائیں یا بائیں یا آگے پیچھے۔ یہی منیہ اور اس کی شرح الصغیر میں ہے۔ اس عبارت سے یہ حاصل ہوا کہ نفس دعا فرض اور سنت کے درمیان مکروہ نہیں ہے کیونکہ کراہت سنت کے تاخیر کے وجہ

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

فى حق المنفرد والمقتدى اصلا وأما الإمام فعلى ما ذكره شمس الأئمة الحلوانى لا كراهة فى حقه أيضاً ، وأما على ما ذكره غيره فيكره للإمام تأخير السنة عن حال أداء المكتوبة .

بق الكلام فى أن على هذا القول الأخير أى قدر من التأخير يكون مكروها فى حق الإمام فنظرنا إلى ذلك فوجدنا عبارات الكتب فى قدر هذا التأخير مختلفة .

قال العلامة إبراهيم حلبى فى شرحه الصغير على المنية وإذا كان بعد المكتوبة تطوع قام إلى التطوع بلا فصل إلا مقدار ما يقول « اللهم أنت السلام ومنك السلام تباركت يا ذا الجلال والإكرام » ويكره تأخير السنة عن أداء الفريضة بأكثر من ذلك القدر انتهى .

وقال فى شرحه الكبير على المنية أن ما فى صحيح مسلم عن عائشة رضى الله تعالى عنها أن رسول الله ﷺ كان إذا صلى

سے ہوتی ہے لیکن فرض نماز کی ادائیگی کے بعد مقتدی اور منفرد کے لئے سنت کی تاخیر میں قطعی کوئی کراہت نہیں ہے۔ جہاں تک امام کا تعلق ہے تو شمس الائمہ حلوائی نے تو اس کے بارے میں بھی لکھا ہے کہ امام کے لئے بھی کوئی کراہت نہیں ہے۔ البتہ اور علماء نے لکھا ہے کہ ادائے مکتوبہ کے بعد سنت میں تاخیر کرنا امام کے لئے مکروہ ہے۔

اب رہی یہ بات کہ امام کے لئے بھی کتنی تاخیر سے نماز مکروہ ہوتی ہے؟ اس سلسلہ میں ہم نے کتابوں میں مختلف عبارتیں دیکھی ہیں کہ اتنی مدت دیر کرنے سے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ چنانچہ علامہ ابراهیم الحلبی نے شرح صغیر شرح منیہ میں لکھا ہے کہ وہ نماز جس میں فرض کے بعد سنت ہے اس میں بغیر فصل کے نوافل پڑھنے چاہئیں صرف اتنی دیر تاخیر کرے' جس میں یہ الفاظ ادا کر سکے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَام تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام اس سے زیادہ دیر کرنا مکروہ ہے۔ شرح کبیر میں جو منیہ کی شرح ہے اس میں بیان کیا گیا ہے کہ صحیح مسلم نے سیدہ عائشہ سے روایت کی ہے کہ جب نبی اکرم ؐ نماز پڑھتے

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

لم يقعد إلا بمقدار ما يقول : « اللهم أنت السلام ومنك السلام تباركت يا ذا الجلال والإكرام » يفيد أنه ليس المراد أنه كان يقول ذلك بعينه بل كان يقعد زمانا يسع ذلك المقدار ونحوه من القول تقريباً فلا ينافى ذلك ما فى الصحيحين عن المغيرة أنه ﷺ كان يقول فى دبر كل صلاة « لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شئ قديرا اللهم لا مانع لما أعطيت ولا معطى لما منعت ولا ينفع ذا الجد منك » وكذا لا ينافى ما روى مسلم وغيره عن عبد الله بن الزبير كان رسول الله ﷺ إذا سلم من الصلاة قال بصوته الأعلى « لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شئ قدير ولا حول

تھے تو صرف اتنی دیر وقفہ کرتے جس میں یہ الفاظ ادا کئے جا سکیں۔
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ .... الخ۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ بعینہ یہ الفاظ نہیں فرماتے تھے بلکہ ان الفاظ کی مقدار جتنا آپ وقفہ کرتے تھے۔ لہذا یہ حدیث اس کے منافی نہیں ہے جو کہ صحیحین نے مغیرہ بن شعبہ سے روایت کی ہے کہ آپ ہر نماز کے بعد فرماتے تھے۔

لَآ اِلٰہَ الا اللہ ..... (ترجمہ) ایک اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک اور اسی کے لئے حمد و ثنا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر مطلق ہے۔ اے اللہ جسے تو عطا فرمائے اسے کوئی منع کرنے والا نہیں اور جسے تو منع کرے اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں ہے۔ اور کوشش کرنے والے کو تیرے مقابلے میں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح امام مسلم نے جو روایت کی ہے وہ بھی اس کے منافی نہیں۔ کیونکہ حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے سلام پھیرتے تھے تو باواز بلند یہ دعا مانگتے تھے (ترجمہ) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا ملک ہے اور اسی کے لئے حمد و ثنا ہے۔ اور

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

ولا قوة إلا بالله ولا نعبد إلا إياه له النعمة وله الفضل وله الثناء الحسن لا إله إلا الله مخلصين له الدين ولو كره الكافرون ، لأن المقدار المذكور فى حديث عائشة رضى الله تعالى عنها يعتبر من حيث التقريب والتخمين دون التحديد والتحقيق انتهى ، ما فى شرح الكبير المنية .

وقال ابن الهمام فى فتح القدير فى باب النوافل : ما لفظه " ثم هل الأولى وصل السنة التالية الفرض بـه أولا فى شرح الشهيد القيام إلى السنة متصلا بالفرض مسنون وفى الشافى كان رسول الله ﷺ يمكث قدر ما يقول ، اللهم أنت السلام ومنك السلام تباركت يا ذا الجلال والإكرام ، وكذا عن البقالى .

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی توفیق اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہے۔ اور ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے۔ اسی کے لئے نعمت اور اسی کا فضل وکرم ہے۔ اور اسی کے لئے ثنائے جمیل ہے۔ (ہم) اپنے دین کو اس کے لئے خالص کرتے ہوئے لاالٰہ الا اللہ کا اقرار کرتے ہیں۔ اگرچہ کفار کو یہ بات کتنی ہی ناگوار کیوں نہ ہو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے جو روایت مقدار کے بارے میں مذکور ہے، اس سے بھی تخمینہ مراد ہے نہ کہ حقیقی تحدید۔ یہی بات منیہ المصلی کی شرح کبیر میں ہے۔ ابن ہمام نے فتح القدیر، باب النوافل میں لکھا ہے کہ سنت کو فرض کے ساتھ متصل پڑھنا مسنون ہے یا نہیں؟ اور شرح شہید میں ہے کہ سنت کو فرض کے ساتھ متصل پڑھنا مسنون طریقہ ہے۔ الشافی میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتنا وقفہ فرماتے تھے جتنی دیر میں یہ الفاظ ادا کیے جا سکیں

اللھم انت السلام۔۔۔(ترجمہ) اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور تیری طرف سے ہی سلامتی ہے۔ اے عزت اور اکرام کے مالک تو بڑی ہی برکتوں کا مالک ہے۔ البقالی سے بھی یہی مروی ہے۔ امام طوانی نے لکھا ہے

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

وقال الحلوانی لابأس بأن يقرء بين السنة والفريضة الأوراد .

وقال ابن الهمام وأعلم أن المذكور فى حديث عائشة رضى الله تعالى عنها هو قولها لم يقعد الأمقدار ما يقول : « اللهم أنت السلام ومنك السلام إلخ » وذلك لا يستلزم سنية أن يقول ذلك بعينه فى دبر كل صلاة إذ لم تقل الأحتى يقول أو إلى أن يقول فيجوز كونه ﷺ كان مرة يقوله ومرة يقول غيره فما ذكرنا من قول « لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد إلى آخره » وما ضم إليه فى بعض الروايات مما ذكرنا من قوله « لا حول ولا قوة إلا بالله إلى آخره » ومقتضى العبارة حينئذ أن السنة أن يفصل بذكر قدر ذلك، وذلك يكون تقريباً فقد يزيد قليلاً وقد ينقص قليلاً وقد يدرج وقد يرتل فأما أن يكون

کہ فرض اور سنتوں کے درمیان وظائف پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے
ابن ہمام نے کہا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ روایت جس میں آپ فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے بعد "اللّٰھم انت السلام ومنک السلام الخ" جتنی مقدار بیٹھا کرتے تھے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ لامحالہ طور پر یہی الفاظ ادا فرمایا کرتے تھے۔ کیونکہ اس میں بعینہٖ اللّٰھمّ انت السّلام .... الخ کے الفاظ وارد نہیں ہیں۔ پس عین ممکن ہے کہ کبھی تو آپ یہی الفاظ ادا فرماتے ہوں اور کبھی اس کے علاوہ اور الفاظ بیان فرماتے ہوں۔ جیساکہ ہم اوپر بتا کر آئے ہیں۔ بعض روایات میں یہ الفاظ بھی وارد ہوئے ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ لہ الملک ولہٗ الحمد..... الخ۔ نیز بعض روایات میں یہ الفاظ بیان ہوئے ہیں۔ لاحول ولاقوۃ الاباللہ الخ اس ساری عبارت کا مقصد اور مدعا یہ ہے کہ اتنی مقدار جتنا وقفہ کرنا یہ مسنون طریقہ ہے۔ البتہ اگر کبھی اس سے زیادہ یا کبھی کم وقفہ ہوجائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ مگر اس سے اتنا زیادہ

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

زيادة غير مقاربة مثل عدد الثلاثة والثلاثين من التسبيحات والتحميدات والتكبيرات فينبغي إستثنان تأخيره عن السنة البتة انتهى ما في فتح القدير .

فيستفاد من هاتين العبارتين أعني عبارة الشرح الكبير المنية ، وعبارة فتح القدير فائدتان .

الأولى انه أفاد أنه ﷺ كان يقرء الدعوات والأذكار المأثورة بعضها في بعض الأحيان ، وبعضها في بعض آخر .

والثانية أن كراهة تأخير السنة عن الفرض لايحصل بالزيادة على قدر « اللهم أنت السلام ومنك السلام » إلخ . بل الزيادة الغير المقاربة كالورد ثلاثا وثلاثين ونحوه ، وأن ما وقع في الشرح الصغير للمنية ، أو في غيره من الكتب من أنه يكره التأخير بما زاد على قدر « اللهم أنت السلام ومنك السلام » إلخ . فذلك

جیسے ۳۳ بار الحمد للہ یا سبحان اللہ (وغیرہ) کہنا۔ اس سے سنت میں تاخیر ہوجاتی ہے اور یہ مکروہ ہے۔ یہی فتح القدیر میں لکھا ہے۔ ان دونوں عبارتوں یعنی منیہ کی شرح کبیر کی عبارت اور فتح القدیر کی عبارت سے ہمیں دو فائدے حاصل ہوئے۔ اول یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کوئی ذکر کیا ہے اور کبھی کوئی اور ذکر اور دعا مانگی ہے۔ دوئم یہ کہ فرض کے بعد اللّٰھُمَّ انت السلام الخ جتنا وقفہ کرنے سے سنت میں کوئی تاخیر واقع نہیں ہوتی۔ البتہ اس سے زیادہ مقدار جیسے ۳۳ بار الحمد للہ وغیرہ پڑھنے سے تاخیر واقع ہوتی ہے' جس طرح منیہ کی شرح' شرح صغیر میں ہے۔ یا اس کے علاوہ دوسری کتابوں میں اللھم انت السلام ومنك السلام الخ کے الفاظ وارد ہیں تو یہ واقعی تاخیر ہے۔ پس یہ حقیقت اسی پر موقوف ہے۔ اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ ہمارے ملک میں جو دعا عام طور پر متعارف اور مشہور ہے وہ اس سے بھی کم وقت لیتی ہے' جس کے بارے میں فتح القدیر اور شرح کبیر وغیرہ میں درج ہے کہ اتنی تاخیر مکروہ نہیں ہے۔ لہذا اس پر تاخیر کا حکم لگانا صحیح نہیں ہے

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

محمول على هذا المعنى ولا شك فى أن الدعاء بعد المكتوبة ـ على الوجه المتعارف ـ أقل قدرا من الكلمات التى حكم بعدم كراهتها فى فتح القدير ، والشرح الكبير للمنية ، فلا يصح الحكم بكراهة الدعاء بعد المكتوبة وهذه فائدة جليلة ينبغى حفظها .

وقال العلامة جعفر البوبكانى: فى " متانة الروايات " ناقلا عن النصاب أن الصلاة التى لاتطوع بعدها كالفجر والعصر يكره المكث قاعداً فى مكانه مستقبل القبلة انتهى .

ثم قال قلت إلا أن يمكث مستقبلا بعد الفجر بقدر ما يقول عشر مرات « لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت بيده الخير وهو على كل شئ قدير » لما ورد فيه من الأحاديث وكذا بعد المغرب لما أخرجه أحمد والترمذى انتهى ما فى المتانة وهذا يدل على أن مقدار هذه الكلمات عشر مرات
کیونکہ فرض نماز کے بعد دعا مانگنا مکروہ ہے یہ بہترین فائدہ ہے اسے یاد رکھنا چاہیے۔ علامہ جعفر بوبکانی نے متانۃ الروایات میں نصاب سے نقل کیا ہے کہ وہ نمازیں جن میں فرض کے بعد نفل نہیں ہے جیسے فجر اور عصر ایسی نمازوں میں نماز کے بعد اسی جگہ قبلہ رو ہو کر بیٹھے رہنا مکروہ ہے۔ آگے کہتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ فجر کے بعد قبلہ رو ہو کر اتنی دیر بیٹھ رہنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جتنے عرصے میں یہ الفاظ ادا کر سکے

لا الٰہ الا اللہ الخ (ترجمہ) اکیلے اللہ کے سوا کوئی معبود بر حق نہیں۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کا ملک اور اسی کے لئے حمد و ثنا ہے۔ وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے' اسی کے ہاتھ میں ہر بھلائی ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جیسا کہ اس حدیث میں وارد ہے اور اسی طرح مغرب کے بعد کی دعا کے بارے میں جو روایت امام احمد اور ترمذی نے بیان کی ہے اور جس کے الفاظ اس طرح ہیں لا الٰہ الا اللہ .... الخ تو یہ روایات اس امر پر دلالت کرتی

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

بعد المكتوبة قبل السنة ليس داخلا فى حد كراهة تأخير السنة ولا شك أن قرأة الدعاء بعد المكتوبة على الوجه المتعارف أقل قدرا من هذا فلا يحكم بالكراهة أصلا .

ثم قال صاحب المتانة " وأما القول بأنه يقرء هذه الكلمات بعد سنة المغرب فلا يصح لأنه خلاف ظاهر الحديث " . قال وقد حقق الشيخ " القاسم الحنفى " المصرى فى رسالة التسوية بين الأشتغال بالدعوات بعد المكتوبة قبل السنن وبعدها والتطوع وقال لا يكثر التأخير فى أدائها كيلا يتضيق الوقت ولا يشغلا أحد بالتكلم ونحوه انتهى ما فى المتانة .

فهذه العبارة أيضا تدل على عدم كراهة الدعاء بعد المكتوبة قبل السنة بل على أنه والدعاء بعد السنة سواء وأيضا قد علم من

ہیں کہ اتنی مقدار فرض نماز کے بعد سنت سے پہلے وقفہ اور تاخیر کرنا حد کراہیت میں داخل نہیں۔ اور نہ ہی اس سے سنت میں کوئی تاخیر واقع ہوتی ہے۔ اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ ہمارے ملک میں فرض نماز کے بعد جو دعا مانگی جاتی ہے، اس کی مقدار ان سے بہت کم ہے لہذا اس پر کراہیت کا حکم نہیں لگایا جاسکتا۔ صاحب متانہ آگے کہتے ہیں کہ یہ کہا جائے کہ یہ الفاظ آپ مغرب کی سنت کے بعد کہا کرتے تھے تو یہ بھی صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ یہ ظاہر حدیث کے بھی خلاف ہے۔ اس کی تحقیق شیخ قاسم الحنفی مصری نے رسالہ "التوبہ" میں کی ہے۔ فرض نماز کے بعد سنت سے پہلے ذکرو اذکار اور دعاؤں میں زیادہ تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ کیونکہ اس سے وقت تنگ ہوجاتا ہے اور سنن کے ادا کرنے میں بھی تاخیر نہیں کرنی چاہیے اور کسی کو گفتگو بھی نہیں کرنی چاہیے۔ یہی متانت میں لکھا ہے۔

پس اس عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ فرض کے بعد اور سنت سے پہلے دعا مکروہ نہیں ہے، بلکہ اس امر پر دلالت ہوتی ہے کہ سنت سے قبل اور بعد دعا مانگنا دونوں برابر ہے۔اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل مبارک بھی

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

فعله ﷺ أنه كان يصلى السنن فى بيته ولا شك أن قدر التأخير الـذى يحصل فى الدعاء على الوجه المتعارف أقل قدرا من قدر الخروج من المسجد فلا يصح الحكم بكون ذلك القدر من التأخير لأجل الدعاء موجبا للكراهة .

وقال الشيخ عبد الحق الدهلوى رحمه الله فى شرحه العربى على المشكاة فى أول باب الذكر بعد الصلاة ما لفظه هذا " ثم مما ينبغى أن يعلم أن تقديم السنة الراتبة ، لا ينافى البعدية التى وردت فى الاحاديث أنه يقره بعد الفريضة وكذا من الاذكار والادعية صرح به الشيخ ابن الهمام وكذا قراءة بعض الادعية المخبرة إلى صحة الاخبار بقراءتها بعد الفريضة لا ينافى استحباب القيام إلى التطوع متصلا والاستعجال به كما ورد أن يقول دبر الفجر والمغرب لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد

معلوم ہوگیا کہ آپ سنتیں گھر میں ادا فرماتے تھے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ مسجد سے نکل کر گھر جانے میں جتنی دیر لگتی ہے اس بھی کم وقت اس دعا مانگنے میں لگتا ہے' جو ہمارے ملک میں مانگی جاتی ہے۔ لہذا یہ حکم لگانا صحیح نہیں کہ اتنی مقدار میں دعا مانگنے سے جو تاخیر ہوا کرتی ہے' وہ موجب کراہیت ہے۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے مشکوٰۃ شریف کی عربی شرح باب الذکر بعد الدعا میں لکھا ہے کہ سنتوں میں جلدی کرنا اس بعد کے منافی نہیں جو احادیث میں وارد ہے کہ فرض نماز کے بعد ذکر اور دعائیں مانگنا چاہئیں۔ اسی طرح ابن ہمام نے بھی اس کی وضاحت کی ہے کہ وہ دعائیں جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں کہ

فرض نماز کے بعد پڑھی جائیں' یہ اس بات کے منافی نہیں کہ فرض نماز کے بعد متصل نوافل پڑھے جائیں۔ کیونکہ احادیث شریفہ میں وارد ہے کہ فجر اور مغرب کی نمازوں کے بعد دس بار یہ دعا پڑھی جائے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

عشر مرات مع ما ورد فی المغرب من تعجیل رکعتیه وکذا
قراءة آیة الکرسی قبل السنة انتهی ما ذکره الدهلوی " .

وقال فی شرحه الفارسی علی المشکاة " ما لفظه واز آنچه
باید دانست که تعجیل سنت منافی نیست مرخواندن آیة الکرسی
وامثال آنرا چنانکه در حدیث صحیح وارد شده است که بعد از
نماز فجر ومغرب ده بار لا إله إلا الله وحده لا شریك له له الملك
وله الحمد وهو علی کل شیء قدیر خواند انتهی .

فإذا کان قدر آیة الکرسی مرة، وهذه الکلمات عشر مرات
لا یکون داخلا فی حد الکراهة فقراءة الدعاء علی الوجه المتعارف
لا یکون داخلا فیه بالاولی لکونه أقل قدرا منه فهذه العبارات
کلها تدل علی أن قدر قراءة لا إله إلا الله وحده لا شریك له
إلی آخره عشر مراة وقراءة آیـــة الکرسی لا یکون داخلا فی

اسی کے ساتھ یہ بھی آیا ہے کہ مغرب میں جلدی
کرنی چاہئے۔ اسی طرح سنتوں سے پہلے آیۃ الکرسی کا پڑھنا درست ہے جس کا
ذکر شاہ عبد الحق محدث دہلوی نے کیا ہے مشکواۃ شریف کی فارسی شرح میں لکھتے
ہیں کہ اس بات کو جاننا چاہئے کہ سنت میں جلدی کرنے کا حکم اس بات کو منافی
نہیں ہے کہ آیۃ الکرسی یا اسی طرح کی اور دعائیں مانگی جائیں جو احادیث میں
وارد ہیں چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ نماز فجر اور مغرب کے بعد دس
مرتبہ لا الٰہ اِلّا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہٗ لہُ الملک ولہُ
الحمد وھو علیٰ کل شیءٍ قدیر پڑھی جائے۔ لہٰذا ایک بار آیۃ الکرسی یا مذکورہ
دعا کو دس بار پڑھنا کراہیت کی حد میں داخل نہیں ہے تو پھر وہ دعا جو ہمارے
یہاں فرض کے بعد مانگی جاتی ہے وہ بدرجہ اولیٰ کراہیت میں داخل نہیں ہے
کیونکہ اس دعا کے کلمات ان سے بہت کم ہیں۔ ان عبارتوں سے یہ بات واضح

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

التاخير المكروه بخلاف قراءة الورد ثلاثا وثلاثين فإنه داخل فى التاخير المكروه كما تقدم عن فتح القدير آنفا .

• وقال العارف بالله تعالى المخدوم بهاؤ الدين ذكريا الملتانى قدس سره فى رسالة الفارسية ما لفظه كه بگويد بعد هر پنج وقت نمازده بار " اللهم إنا نستعين بك على طاعتك " ونيز بعد هر نمازى بگويد " اللهم لا تجعلنا بثناء الناس من المغرورين ولا بنعمتك من المستدرجين ولا من الذين ياكلون أموال الدنيا بالدين اللهم اغننى من باب الاغنياء وعن باب الامراء وعن باب الاطباء يا من اذادعى أجاب وإذا سئل اعطى " وچون از فرض ظهر فارغ شود يكبار بگويد " لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو حى لا يموت ابدا ياذا الجلال والاكرام بيده الخير وهو على كل

ہوگئی کہ آیۃ الکرسی کا پڑھنا یا دس مرتبہ لا الہ الا اللہ الخ کا پڑھنا تاخیر کراہیت میں داخل نہیں ہے۔ بخلاف ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر، الحمد للہ یا سبحان اللہ ورد کرنا تاخیر کراہیت میں داخل ہے۔ عارف باللہ مخدوم بہاؤ الدین زکریا ملتانی نے اپنے فارسی رسالے میں یہ الفاظ لکھے ہیں کہ ہر پانچ وقت نماز کے بعد دس مرتبہ یہ دعا مانگنی چاہیے: چاہیے
اللھم انا نستعین بک علی طاعتک اسکے علاوہ ہر نماز کے بعد یہ بھی کہنا چاہیے: اللھم لا تجعلنا......
اور جب ظہر نماز کے فرض سے فارغ ہو تو ایک بار یہ کہنا چاہیے لَا اِلٰہ اِلَّا اللہ...... الخ (ترجمہ) اکیلے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کا ملک اور اسی کی حمد ہے زندہ کرتا اور مارتا ہے وہ زندہ جاوید ہے کبھی نہیں مریگا اے جلال اور عظمت کے مالک! اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

شیٔ قدیر " . وبعد ازاں بگوید " لا إله إلا الله ولا نعبد إلا اياه له النعمة وله الفضل تاولوكره الكافرون " . چنانکه بیشتر گزشت بعد ازاں دستها بر دارد و این دعا بخو اند " اللهم إنك تعلم ذنوبنا يا غفار الذنوب وتعلم عيوبنا فاسترها يا ستار العيوب وتعلم حوائجنا فاقضها يا قاضى الحاجات وتعلم مهماتنا فاكفهايا كافى المهمات وتعلم بلياتنا فادفعها يا دافع البليات فى الدارين "
وبعد ازاں این دعا بخواند " ربنا توفنا مسلمين والحقنا بالصالحين وصل على سيدنا محمد وعلى جميع الانبياء والمرسلين اللهم اجعل

(ترجمہ) اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں اسی کی نعمت اور اسی کا فضل و کرم ہے ——— اور اگرچہ کافروں کو یہ بات ناگوار ہو ۔تک پڑھنا چاہئے جس طرح کہ پہلے گزر چکا۔ اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھیں :- اللھم انك تعلم ذنوبنا یاغفار.... الخ

(ترجمہ) اے اللہ تو ہمارے گناہ جانتا ہے۔ اے گناہوں کو معاف کرنے والے تم ہمارے عیوب سے باخبر ہو۔ پس ان کو ڈھانک لے اے عیبوں کو ڈھانکنے والے اور ہماری حاجتوں کو تو جانتا ہے تو اے حاجتوں کو پورا کرنے والے ان کی تکمیل فرما اور ہماری مہمات کو بھی تو جانتا ہے پس اس میں ہماری حفاظت فرما اے تمام مہمات کے لئے کافی ہونے والے اور ہمارے مصائب کو تو جانتا ہے پس اے مصائب و مشکلات کو حل کرنے والے دونوں جہانوں میں ہماری مشکلات حل فرما۔

اس کے بعد یہ پڑھے " رَبَّنَا تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ...

(ترجمہ) اے ہمارے پروردگار ہمیں مسلمان بنا کر وفات دینا اور صالحین کے ساتھ شامل فرما۔ اور ہمارے آقا و سردار حضرت محمد پر رحمت نازل فرما اور تمام انبیاء و رسولوں پر رحمت فرما۔ اے اللہ! میری عمر کے آخر کو بہتر بنا۔۔۔ الخ

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

خير عمری آخره اللهم اجعل خواتيم عملی رضوانك اللهم اجعل خير ايامی يوم القاك اعنا علی ذكرك وشكرك وحسن عبادتك سبحان ربی الأعلی الوهاب " بعد ازان دو ركعت سنت ظهر بگذارد . وچون از فرض عشا فارغ شود بعد از سلام بگويد " لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد تا علی كل شیء قدير " چنانچه مذكور شد . پس بگويد " لا إله إلا الله ولا نعبد إلا إياه له النعمة والفضل تاولوكره الكافرون". بعده دستها بر دارد واين دعا بخواند " اللهم يا دائم الفضل علی البرية ويا باسط اليدين بالعطية ، ويا صاحب المواهب السنية ، ويا دافع البلاء والبلية ، رب صل علی سيدنا محمد خير الوری سجية ، وعلی آله وصحبه البررة التقية ، واغفر لنا ، وارحمنا يا ذالعلی فی هـذه العشاء والعشية " بعد ازان اين دعا بخواند " توفنا مسلمين تا الاعلی الوهاب " كه بيشتر گذشت بعد ازان دو ركعت نماز سنت خفتن بگذارد انتهی ما ذكره العارف الملتانی فی رسالته .

اس کے بعد ظہر کی دو رکعت سنت ادا کرے جب عشاء کے فرض سے فارغ ہو تو سلام پھیرنے کے بعد یہ کلمات کہے : لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وحدہ لاشریک لہٗ لہٗ الملک ولہٗ الحمد تاعلیٰ کل شیٍٔ قدیر الخ جس طرح اوپر گزر چکا اس کے بعد یہ الفاظ کہے : لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ولانعبد الا ایاہ : الخ اس کے بعد ہاتھوں کو اٹھا کر یہ دعا مانگے : اللھم یا دائم الفضل علی البریۃ ...... الخ (ترجمہ اے ہمارے پروردگار' مخلوق پر ہمیشہ فضل کرنے والے - - - - - - اس کے بعد یہ دعا مانگے : توفنا مسلمین ... الوھاب تک جیسا کہ اوپر گزر چکا بعدہ دو رکعت نماز سونے کے لئے پڑھے جس کا ذکر عارف ملتانی نے اپنے رسالے میں کیا ہے اس

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

وقد صرح فيه بتاخير السنة من هذه الدعوات ولا شك
ان الدعاء المتعارف الذى يقرء الآن أقل قدرا من هذه الدعوات.
فلا يكون مكروها بل مامورا به، ومندوبا، وقال فى شرح
هذه الرسالة البهائية المسمى بكنز العباد فى ذكر صلاة الظهر
ناقلا عن فتاوى الخارزية المعروفة بالتتمة " أنه سئل البقالى عمن
يصلى الفرض هل الأولى فى حقه أن يشتغل بالدعاء ثم بالسنة ثم
بالدعاء فقال الأولى أن يشتغل بالدعاء ثم بالسنة قال: وروى
عن النبى ﷺ أنه كان يقول دبر كل صلاة لا إله إلا الله وحده
لا شريك له له الملك وله الحمد يحيى ويميت وهو حى لا يموت
بيده الخير وهو على كل شيءٍ قدير هو الأول والآخر والظاهر
والباطن وهو بكل شيءٍ علم ليس كمثله شيءٌ وهو السميع البصير "

سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مذکورہ دعاؤں سے سنت کی ادائگی میں جتنی تاخیر ہوتی
ہے ' ہمارے یہاں جو دعائیں مانگی جاتی ہیں ان میں اس سے بھی کم وقت لگتا ہے
لہذا وہ مکروہ نہیں ہیں بلکہ اس کے مانگنے کا حکم ہے اور یہ مستحب ہے۔ اس
رسالہ کی شرح جس کا نام "کنز العباد" ہے اس کے باب الذکر بعد صلوٰۃ الظہر
میں ہے کہ فتاوٰی الخارزیہ جو کہ بتتمہ کے نام سے مشہور ہے اس میں لکھا ہے

کہ البقالی سے پوچھا گیا کہ کیا یہ بہتر ہے کہ فرض نماز کے بعد آدمی دعا مانگے اور
پھر سنت پڑھے؟ انہوں نے کہا کہ بہتر یہ ہے کہ پہلے دعا مانگے پھر سنت ادا کرے
کیونکہ نبی اکرمؐ ہر نماز کے بعد یہ کلمات فرمایا کرتے تھے :- "لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِىْ
وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ
قَدِيْرٌ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ
عَلِيْمٌ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ"

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

هكذا هو مذكور فى فتاوى حجة الدين البلخى انتهى ما فى كنز العباد وقال فيه أيضا فى ذكر صلاة المغرب ناقلا عن نصاب الفقه أنه اذا فرغ الإمام من صلاة الفريضة يستحب له أن يشتغل بالدعاء قليلا ثم يصلى ركعتى السنة كذا قال الفقيه أبو الليث انتهى. فظهر بهذه الرواية أن الدعاء بين الفريضة والسنة ليس بمكروه بل هو مستحب اذا كان قليلا وما ورد فى بعض الكتب من كراهة الدعاء فمعناه إذا كان كثيرا طويلا كما تقدم التصريح من عبارات فتاوى الحجة والتتارخانيه وغيرهما وتقدم أيضا بيان الفرق بين القليل والكثير فى هذا الفصل من عبارات الكتب الكثيرة فارجع إليها إن شئت . .

خاتمة الرسالة

إن قيل قد تقدم أنه ورد فى حديث المسلم عن عائشة رضى الله تعالى عنها أنه ﷺ كان لايقعد بعد السلام إلا مقدار ما يقول

اسی طرح فتاوی حجۃ الدین البلخی اور کنز العباد باب ذکر الصلوٰۃ المغرب میں نصاب الفقہ کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے کہ جب امام فرض نماز سے فارغ ہو تو اسے مختصر دعا پڑھنی چاہئے اور یہ مستحب ہے اس کے بعد سنت پڑھنی چاہئے اسی طرح فقیہ ابو اللیث نے بھی کہا ہے۔ پس ان تمام روایات سے معلوم ہوا کہ فرض اور سنت کے درمیان دعا مانگنا مکروہ نہیں ہے بلکہ مستحب ہے بشرطیکہ بعض کتب میں کراہیت کی جو مقدار بتائی گئی ہے اس سے زیادہ طویل نہ ہو۔ جس کی وضاحت فتاوی الحجہ اور "تاتارخانیہ" وغیرہما میں گذر چکی ہے اسی طرح ہم طویل اور مختصر کا فرق بھی بیان کرچکے ہیں اسی رسالہ میں مختلف کتب کے عبارتوں سے اگر چاہو تو ان کی طرف رجوع کرو۔

جس طرح کہ مسلم کی حدیث میں گذر چکا ہے
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سلام

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

"أنت السلام إلى آخره فما الجواب عنه" قلت لنا أجوبة أربعة .

الأول

أن هــذا الحديث سنده ضعيف لأن مداره عــلى ثلاثة رجال الأول أبو خالد الأحمر واسمه سليمان بن حيان بفتح المهملة وتشديد المثـ... تحتيــة الأزدي الكوفي قال الحافظ ابن حجر في تهذيب التهذيب أنه قال أبو بكر البزار في كتاب السنن اتفق أهل العلم بالنقل على أن أبا خالد لم يكن حافظا وأنه قد روى أحاديث عن الأعمش وغيره لم يتابع عليها وقال ابن معين أبو خالد صدوق لكنه ليس بحجة وقال أبو هشام الرفاعي هو في الأصل صدوق لكنه إنما أتي من سوء حفظه خلط ويخطي والثاني .

أبو معاوية الضرير واسمه محمد بن خازم بخاء وزاء معجمتين التميمي مولاهم الكوفي قال الحافظ ابن حجر في تهذيب التهذيب

کے بعد صرف اتنی مقدار بیٹھتے تھے جس میں یہ کہہ سکیں "اللھم انت السلام الی آخرہ" اس کا کیا جواب ہے؟ میں نے کہا کہ اس کے چار جوابات ہیں اول۔ یہ کہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے کیونکہ اس حدیث کا دارو مدار تین آدمیوں پر ہے۔ پہلا ابو خالد احمر اس کا نام سلیمان بن حیان ح پر فتح اور ی اور شد ہے ازدی کوفی۔ حافظ ابن حجر نے تھذیب التھذیب میں لکھا ہے کہ ابوبکر البزار نے کتاب السنن میں لکھا ہے کہ اس پر تمام اہل علم کا اتفاق ہے کہ ابو خالد حافظ نہ تھا اور یہ بھی روایت ہے کہ وہ اعمش سے روایت کرتا ہے جبکہ اس کا کسی اور نے تتبع نہیں کیا۔ ابو معین فرماتے ہیں کہ ابو خالد سچا تھا مگر اس کو حجت نہیں کہہ سکتے۔ ابو ھشام الرفاعی فرماتے ہیں کہ وہ دراصل سچا تھا مگر اس کا حافظہ صحیح نہیں تھا اس سے خلط ملط اور غلطیاں ہوتی تھیں۔

دوسرا ابو معاویہ الضریر اس کا نام محمد بن خازم التیمی کوفیوں کا آزاد کردہ غلام تھا حافظ ابن حجر نے تھذیب التھذیب میں لکھا ہے کہ عبداللہ بن احمد

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

قال عبد الله بن أحمد سمعت أبي يقول أبو معاوية الضرير في غير حديثه عن الأعمش مضطرب لا يحفظها حفظا جيدا وقال ابن معين كان أبو معاوية يروي عن عبد الله بن عمر مناكير وقال أبو داود كان أبو معاوية مرجيا وقال مرة كان رئيس المرجئة بالكوفة وقال ابن خراش هو في رواية عن الأعمش ثقة وفي روايته عن غيره فيه اضطراب وقال أبو زرعة : " كان أبو معاوية يرى الإرجاء فقيل له كان يدعو إليه قال نعم " قلت ومعلوم أن هذا الحديث لم يروه أبو معاوية عن الأعمش بل عن عاصم الأحول فيكون مضطربا الثالث .

عاصم بن سليمان الأحول أبو عبد الرحمن البصري قال الحافظ ابن حجر في تهذيب التهذيب أنه قال علي بن المديني عن يحيى بن سعيد القطان لم يكن عاصم الأحول بالحافظ وقال

نے کہا کہ میں نے اپنے باپ سے سنا ابو معاویہ الضریر نے اعمش کے علاوہ جو احادیث روایت کی ہیں وہ مضطرب ہیں اور ان کا حافظہ بھی صحیح نہیں تھا ابن معین فرماتے ہیں کہ ابو معاویہ عبداللہ بن عمر سے احادیث روایت کرتے تھے جو منکر تھیں ابو داؤد فرماتے ہیں کہ ابو معاویہ "مرجی" فرقہ سے تعلق رکھتے تھے ایک مرتبہ تو یہ کہا کہ وہ کوفہ کے مرجیوں کے سرداروں میں سے تھے۔ ابن خراش فرماتے ہیں کہ ان کی اعمش سے روایت کردہ احادیث ثقہ تھیں اسکے علاوہ فرماتے ہیں کہ وہ "ارجاء" سے تعلق رکھتے تھے ان سے پوچھا گیا کہ کیا تم اس کی دعوت دیتے ہو انہوں نے کہا ہاں۔

میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث ابو معاویہ نے اعمش سے روایت نہیں کی ہے بلکہ عاصم احول سے روایت کی ہے۔ پس مضطرب ہوگی۔

تیسرا عاصم بن سلیمان احول ابو عبدالرحمٰن بصری ہے۔ حافظ حجر تہذیب التہذیب میں کہتے ہیں کہ علی بن مدنی یحیٰی بن سعید القطان سے روایت کرتے ہیں کہ عاصم بن احول حافظ نہیں تھے۔

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

ابن إدريس أنا لا أدرى عنه شيئا وتركه وهيب لأنه انكر بعض سيرته انتهى .

الثانى

أن لفظه أنه لم يقعد وليس أنه لم يقرء فجاز أن يكون يقعد هذا القدر ثم يأتى الأذكار قائما كما نقله بعضهم عن الحلوانى وقد تقدم .

الثالث

أن هذا الحديث معارض بجميع الأحاديث الواردة فى الذكر والدعاء بعد المكتوبة المتقدم ذكرها فى الفصل الأول من باب الأول فيترجح تلك الأحاديث لكون كثير منها مخرجة فى الصحيحين وما فى الصحيحين أصح مما فى صحيح مسلم فقط .

الرابع

إن قوله الأمقدار " ما يقول اللهم أنت السلام " ليس المراد به المساواة التحقيقية بل التقريبية فلا يكون التأخير

حدیث میں الفاظ یہ ہیں کہ آپ بیٹھتے نہیں تھے یہ نہیں وارد ہوا کہ آپ پڑھتے نہیں تھے پس یہ جائز ہے کہ یہ مراد لی جائے کہ آپ اس کے بقدر بیٹھتے تھے اور اس کے بعد کھڑے ہوکر ذکر کرتے تھے جس طرح کہ بعض نے الحلوائی سے ذکر کیا ہے جو اوپر گذر چکا ہے۔

یہ حدیث ان تمام احادیث کے خلاف ہے جو فرض نماز کے بعد دعا اور ذکر کے جواز میں ہیں جن کو ہم فصل اول میں باب اول سے ذکر کرچکے ہیں لہٰذا ان تمام احادیث کو اس پر ترجیح ہے کیونکہ ان کو صحیحین نے روایت کیا ہے اور جو صحیحین میں روایت موجود ہو اسکو صرف صحیح مسلم میں بیان کردہ روایت پر ترجیح ہوتی ہے

بیشک حدیث کے الفاظ اللھم انت السلام پڑھنے کی مقدار سے حقیقی تحدید اور تعیین مراد نہیں ہے بلکہ اس سے مراد تخمینہ ہے پس

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

بقدر قراءة " لا إله إلا الله وحده لا شريك له إلى آخره وقراءة اللهم لا مانع لما أعطيت إلخ فقراءة آيـة الكرسى ونحو ذلك مكروها كما نقلم عن فتح القدير وشرح المنيـة الكبير وشرح المشكاة للدهلوى وغيرها .

أن قيل قد ورد فى عبارات كتب الفقه ما يدل على كراهة الـدعاء بين الفرض والسنة منها ما فى جواهر الفتاوى أنه سئل لقاضى الأمام علاء الدين من الدعاء بعد الصلاة فقال : الأختيار أن يصل الفريضة بالسنة للمتابعة لنتهى .

ومنها ما فى الخلاصة والأشباه من أن الأشتغال بالسـنة أولى من الأشتغال بالدعاء انتهى . ومنها ما فى شرح المنية إنه إن كان بعد المكتوبة تطوع بلا فصل إلا مقدار ما يقول : اللهم أنت السلام إلى آخره ويكره تأخير سنة عن حال اداء الفريضة بأكثر من نحو ذلك القدير انتهى . ومنها ما فى العقائد السـنية ناقلا عن

الخ آیہ الکرسی کے پڑھنے سے اتنے مقدار کی تاخیر واقع نہیں ہوتی یا اس کے علاوہ اتنے وقفہ میں کچھ اور پڑھنا مکروہ نہیں ہے جس طرح کہ فتح القدیر اور شرح منیہ الکبیر اور شرح مشکواۃ دہلوی وغیرہ میں ہے جس کو ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔ بعض نے کہا کہ کتب فقہ کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ فرض اور سنت کے درمیان دعا مانگنا مکروہ ہے۔ چنانچہ "جواہر الفتاوی" میں ہے کہ قاضی امام علاؤ الدین سے نماز کے بعد دعا کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا مختار یہ ہے کہ فرض اور سنت کو ملائے "خلاصہ" اور "الاشباہ"

میں ہے کہ سنت پڑھنا دعا پڑھنے سے زیادہ بہتر ہے۔ اسی طرح شرح منیہ میں ہے کہ اگر فرض کے بعد نفل ہے تو فصل نہیں کرنا چاہئے مگر اتنی کہ پڑھا جاسکے اس عرصہ سے زیادہ تاخیر کرنا فرض نماز کے بعد مکروہ ہے۔ "عقائد السنیہ" نے فتح الباری

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

فتح الباری والقسطلانی أن المختار عن أبی حنیفة أن یشتغل بعد اداء المکتوبة بالسنة ویکره أن یشتغل بالدعاء والتسبیح قبل السنة انتهی ، قلت الجواب عن هذه العبارات علی وجوه خمسة .

الأول : أن العبارتین الأولیین لا تدلان علی الکراهة إنما تدلان علی أو لوية وصل السنة البعدية بالفريضة وهو أمر مختلف فيه ولهذا قال فی فتح القدير اختلف فی أنه هل الأولی وصل السنة التالية للفرض به أم لا انتهی وقد قدمنا من الأحادیث والروايات الفقهية ما يدل علی أن الدعاء بين الفرض والسنة مسنون أو مندوب فيترجح بتلك الروايات الكثيرة القول بسنية الدعاء بينهما أو بندبه .

الثانی : أنا قد قدمنا عن الفتاوی الحجة والتاتارخانية وغيرهما أن المكروه أن يشتغل الإمام بأدعية طويلة وقد قدمنا

قسطلانی سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک مختار یہ ہے کہ فرض نماز کے بعد سنت پڑھنی چاہئے اور دعا اور تسبیح پڑھنا سنت سے پہلے مکروہ ہے۔

میں کہتا ہوں کہ ان عبارات کے پانچ جوابات ہیں۔ اول یہ کہ یہ عبارتیں کراہیت پر دلالت نہیں کرتیں بلکہ یہ عبارتیں افضلیت پر دلالت کرتی ہیں لہٰذا اس میں اختلاف ہے۔ فتح القدیر میں بھی ہے کہ اسمیں اختلاف ہے کہ آیا فرض کے بعد سنت کو وصل کرنا افضل ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں ہم احادیث اور فقہاء کی روایات ذکر کرچکے ہیں کہ فرض اور سنت کے درمیان دعا مانگنا مسنون اور مستحب ہے لہٰذا ان اکثر روایات کو ترجیح دیجائے گی کہ دونوں کے درمیان دعا مانگنا سنت اور مستحب ہے

دوئم جیسا کہ ہم فتاوی الحجہ اور تاتارخانیہ وغیرہما کے حوالے سے اوپر ذکر کرچکے ہیں کہ امام طویل دعا مانگے تو یہ مکروہ ہے اور ہم نصاب فقہ، عمدہ

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

أيضا عن نصاب الفقه وعمدة الأبرار وكنز العباد وغيرها أنه يستحب للإمام أن يشتغل بالدعاء قليلا بعد المكتوبة ثم يشتغل بالسنة فهذا هو الجمع بين الروايتين وهو المقبول المعمول عليه الذى لاينبغى العدول عنه .

الثالث : أن ما ذكر فى شرح المنية من تقدير القليل باللهم أنت السلام إلخ . فقد نص شارح المنية بنفسه فى شرحه الكبير على المنية على أن هذا التقدير ليس على التحقيق بل على التقريب وقد مر تفصيل ذلك سابقاً عن الشرح الكبير للمنية وعن فتح القدير وعن شرح الشيخ عبد الحق الدهلوى على المشكاة فارجع إليه وذلك كله يدل على أن التأخير بقدر الدعاء المتعارف ليس بمكروه وإنما المكروه ما طال بقدر الورد ثلاثا وثلاثين أو أكثر من ذلك .

الابرار، کنز العباد وغیرہ کے حوالے سے بھی بتا چکے ہیں کہ امام کے لئے مستحب ہے کہ وہ فرض نماز کے بعد دعا مختصر مانگے اور بعد میں سنت ادا کرے پس ان دونوں روایتوں کے درمیان جمع ممکن ہے اور یہی مقبول اور مستحسن ہے اور اسی پر عمل ہوتا آرہا ہے۔ لہٰذا اس سے عدول مناسب نہیں ہے۔
تیسرا جس کا ذکر شرح منیہ میں تخمینہ قلیل سے ہے "اللھم انت السلام" الخ یہ نص ہے۔ شارح منیہ نے شرح کبیر علی المنیہ میں کہا ہے کہ اتنی مقدار تخمینہ مراد ہے نہ کہ فی الحقیقت وہ الفاظ مراد ہیں جس کی تفصیل پیچھے شرح کبیر علی المنیہ فتح القدیر اور شرح شیخ عبدالحق دہلوی علی المشکوٰۃ کے حوالے سے گزر چکی۔ پس اس کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ ان تمام چیزوں سے معلوم ہوا کہ متعارف دعا جو ہمارے یہاں رائج و مشہور و معمول ہے وہ مکروہ نہیں ہے بلکہ مکروہ وہ ہے جس کی مقدار تاخیر ۳۳ مرتبہ ورد و وظیفہ پڑھنے سے ہوتی ہو یا اس سے بھی زیادہ وقت صرف ہوتا ہو

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

الرابع : أن ما نقله صاحب العقائد السنية عن فتح البارى والقسطلانى فلم نجد هـذا اللفظ ولا معناه فى فتح البارى ولا فى القسطلانى فى مظانها المعاودة من كتاب الصلاة وكتاب الدعوات مع التتبع الكثير التام والله أعلم بصحة هذا النقل فلا يعتمد على مثله إذا لم يوجد من الأصل .

الخامس : أنه لما ثبت بالأحاديث الشريفة والعبارات الكثيرة الفقهية أنـه ﷺ كان يصلى السنن والوتر فى البيت مع أنه كان يدعو دبر كل صلاة لا يشك أحد فى أن دعائه ﷺ كان بين الفريضة والسنة .

فهذا يفيد أن القول بكراهة الدعاء المذكور فاسد لاصحة له أصلا إلا أن يحمل فعلـه ﷺ على الدعاء القليل ويحمل القول بكراهة الدعاء على الدعاء الكثير كما أشرنا إليه آنفا .

چوتھا جواب صاحب عقائد السنیہ نے فتح الباری اور قسطلانی کے مشہور موضوعات کتاب الصلوٰۃ اور کتاب الدعوات وغیرہ سے نقل کیا ہے، چنانچہ یہ الفاظ اور معانی مذکورہ کتابوں میں کہیں بھی نہیں ہیں۔ اس نقل کی صحت کو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لہٰذا ایسے نقل پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا جس کی اصل موجود نہ ہو۔

پانچواں بے شک احادیث شریفہ اور فقہاء کی عبارات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ پیغمبر اسلام سنتیں اور وتر گھر میں پڑھا کرتے تھے اور اس کے ساتھ ہر نماز کے بعد دعا مانگتے تھے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا فرض اور سنت کے درمیان ہوتی تھی پس اس سے یہ فائدہ ہوا کہ یہ قول کہ دعا مذکورہ مکروہ ہے فاسد اور قطعی طور پر غیر صحیح ہے سوائے اس کے کہ آپ کے اس فعل کو دعا قلیل پر محمول کیا جائے البتہ کراہیت کا قول دعائے کثیر کے لئے ہے جس کا اشارہ ہم ابھی کرچکے ہیں

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

تكميل مفيد

حاصل هذه الرسالة أن وصل السنة بالفرض مكروه كما دل عليها حديث أبي رمثة المتقدم ذكره وقد أفاد ذلك ابن الهمام في فتح القدير .

وأما الفصل بين الفرض والسنة فعلى قول الإمام شمس الأئمة الحلواني لا كراهة في المكث بين الفرض والسنة لأجل الأشتغال بالدعاء والذكر ونحوه أصلا قليلا كان أو كثيرا في حق كل واحد من المصلين سواء كان إماما أو مقتديا أو منفردا .

وأما على قول غيره فلا كراهة في المكث ولا في الدعاء والذكر في حق المقتدي والمنفرد أصلا وأما الإمام فإن كان مكثه بالدعاء والذكر قليلا فلا كراهة أيضا بل هو الأفضل من ترك الدعاء أصلا وقد بينا الفرق بين القليل والكثير مفصلا فيفهم منه

اس رسالہ کا حاصل بحث یہ ہوا کہ سنت اور فرض کا وصل کرنا مکروہ ہے جیسا کہ ابن رمثہ کی حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے جس کا ذکر اوپر ہو چکا ہے اور مزید افادہ فتح القدیر کی عبارت سے ہوا۔
فرض اور سنت کے درمیان فصل کرنے کے بارے میں امام شمس الائمہ حلوائی کا قول ہے کہ اس میں کوئی کراہیت نہیں ہے کہ فرض اور سنت کے درمیان ورد و وظائف پڑھنے کے یا ذکر کرنے کے لئے ٹھہرا رہے۔ چاہے اس کی مقدار قلیل ہو یا کثیر۔ اور یہ حکم ہر نمازی کے لئے ہے۔ چاہے وہ امام ہو، مقتدی ہو یا منفرد

دوسرے قول کے مطابق فرض نماز کے بعد دعا یا ذکر کے لیے ٹھہرا رہنا اس میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔ چاہے مقتدی ہو یا منفرد ہو۔ جہاں تک امام کا تعلق ہے اگر وہ مختصر دعا اور ذکر کے لئے ٹھہرتا ہے تو اس میں بھی کوئی کراہیت نہیں ہے۔ بلکہ جو لوگ دعا کو چھوڑ دیتے ہیں اس سے افضل یہ ہے کہ دعا مانگے۔ تخفیف اور دعائے قلیل اور کثیر کا فرق ہم تفصیل سے بیان کر چکے ہیں

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

أنــه لايشك أن قدر الدعاء المتعارف يصدق عليه اسم القليل فلا كراهة فى مكثه ذلك القدر قطعا وأما إن كان كثيرا بأن كان قدر الورد المعروف ثلاثا وثلاثين او أكثر منه فكروه اى كراهة تنزيه بمعنى خلاف الأولى كما بيناه مفصلا هذا والحمد لله سبحانه وتعالى على التمام ، وأفضل الصلاة والسلام على نبينا محمد سيد الأنام . وعلى آله وصحبه البررة الكرام ، ولا حول ولا قوة إلا بالله العلى العظيم. وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم .

تمت بـالخـير

جس سے یہ بات آسانی سے سمجھی جاسکتی ہے کہ جو دعا ہمارے ہاں متعارف معمول بہ ہے، وہ دعا قلیل ہے اتنا عرصہ ٹھہرے رہنے میں کوئی کراہیت قطعی طور پر نہیں ہے مگر اس سے زیادہ جیسے ۳۳ مرتبہ الحمد للہ وغیرہ پڑھنا یا اس سے بھی زیادہ تاخیر کرنا تو یہ بلاشبہ مکروہ ہے۔ یعنی مکروہ تنزیہی یعنی خلاف اولیٰ ہے جیسا کہ ہم تفصیل سے بیان کرچکے ہیں۔

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad

https://archive.org/details/@madni_library

Purchase Islami Books Online Contact:
For More Books Madni Library Group Whatsapp +923139319528

https://archive.org/details/@madni_library

Maktabah.org

This book has been digitized by www.maktabah.org.

Maktabah.org does not hold the copyrights of this book. All the copyrights are held by the copyright holders, as mentioned in the book.

Digitized by Maktabah.org, 2012

Files hosted at Internet Archive [www.archive.org]

We accept donations solely for the purpose of digitizing valuable and rare Islamic books and making them easily accessible through the Internet. If you like this cause and can afford to donate a little money, you can do so through Paypal. Send the money to ghaffari@maktabah.org, or go to the website and click the Donate link at the top.

www.maktabah.org

Purchase Islami Books Online Contact:
Islami Books Quran & Madni Ittar House Ameenn Pur Bazar Faisalabad